T01-29Oct2026 FAZAL/ED: Shakeel 03:10 pm

THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Thursday, the October 29, 2026
(364th Session)
Volume VIII, No.09
(Nos.)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume VIII SP. VIII(09)/2026
No. 09 04

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Recitation of Naat 1
3. Question and Answers 2
4. Statement by Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior, on the prevailing law & order and political situation in Pakistan 29
5. Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules 34
6. Resolution moved by Senator Sherry Rehman regarding population growth in Pakistan 34
7. Motion under Rule 204 moved by Mr. Aqeel Ahmed (Minister of State for Law and Justice) regarding constitution of Parliamentary Committee on Election Reforms 37
    - *Senator Syed Ali Zafar* *38*
    - *Senator Raja Nasir Abbas* *39*
8. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training regarding [The City University Islamabad Bill, 2026] 44
9. Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman of the Committee on Religious Affairs and Inter-Faith Harmony regarding [The Muslim Family Laws (Maintenance of Parents) (Amendment) Bill, 2026] 44
10. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Water Resources regarding financial losses and cost escalations in Dasu, Diamer-Bhasha and Neelum-Jhelum Hydropower Projects 45
11. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Housing and Works regarding details of plots and flats allotted to journalists and media workers by FGEHA since 2015 46
12. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue regarding [The Pakistan Sovereign Wealth Fund (Amendment) Bill, 2026] 46
13. Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges against Executive Director, National Vocational and Technical Training Commission 47
14. Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges against Vice Chancellor of Pakistan Institute of Fashion and Design 47
15. Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding [The Criminal Laws (Amendment) (Honour Killings Prevention) Bill, 2026] 48
16. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Petroleum regarding the details of Licensed Oil Marketing Companies 48
17. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs regarding irregularities in the affairs of the Korangi Fish Harbour Authority 49
18. Presentation of the Report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2026] (Insertion of new section 328B in PPC and subsequent amendment in Schedule II of Cr.PC) 50
19. Presentation of the Report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2026] (Amendment of Section 286 and insertion of new Section 286A in PPC and subsequent amendments of section 261 and Schedule II of Cr.PC) 51
20. Presentation of the Report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2026] (Amendment of Section 336B in PPC and subsequent amendment of Schedule II of Cr.PC) 51
21. Presentation of the Report of the Standing Committee on Finance and Revenue on Committee on the subject matter of Starred Question No. 1 regarding details of total sanctioned posts and existing vacancies in BISP 52
22. Presentation of the Report of the Standing Committee on Inter Provincial Coordination regarding coordination, facilitation, policy integration and international promotion of tourism in Chitral 52
23. Presentation of the Report of the Senate Functional Committee on Problems of Less Developed Areas regarding infrastructure and development in Chitral 52
24. Presentation of the Report of the Senate Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding the issues being faced by students from Balochistan studying at Islamabad 53
25. Presentation of the Report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on the Privilege Motion moved by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan against Director / Chief Clinical Coordinator, PIMS, Islamabad 53

26. Presentation of the Report of the Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety on matter of Starred Question No. 2, regarding vacant posts in Bait-ul-Mal Offices 54
27. Presentation of the Report of the Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety on matter of Starred Question No. 3, regarding details of officers working on deputation basis in Pakistan Bait-ul-Mal Head Office 54
28. Presentation of the Report of the Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety on matter of Starred Question No. 15, regarding Government allotted residences 54
29. Motion under Rule 204 for granting the status of a Special Committee to the Minorities Caucus in Senate of Pakistan 55
30. Consideration and passage of [The Higher Education Commission (Amendment) Bill, 2026] 60
31. Consideration and Passage of [The NFC Institute of Engineering and Technology Multan (Amendment) Bill, 2026] 61
32. Consideration and Passage of [The National Textile University (Amendment) Bill, 2026] 63
33. Consideration and passage of [The National Rahmatul-LilAalameen Wa Khatamun Nabiyyin Authority (Amendment) Bill, 2026] 65
34. Consideration and passage of [The Life Insurance (Nationalisation) (Amendment) Bill, 2026] 67
35. Consideration and passage of [The Archival Material (Preservation and Export Control) (Amendment) Bill, 2026] 68
36. Consideration and passage of [The Centres of Excellence (Amendment) Bill, 2026] 69
37. Motion under Rule 263 moved for dispensation of rules 71
38. Consideration and passage of [The National College of Arts Institute (Amendment) Bill, 2026] 71
39. Point raised by Senator Karman Murtaza regarding statement made by Interior Minister in the Senate 73
40. Point of public importance raised by Senator Syed Ali Zafar regarding the imprisonat of political workers and human rights violations in the country 76
    - *Senator Rana Sana Ullah Khan (Special Assistant to the Prime Minister on Political Affairs)* *78*
41. Point of Public Importance raised by Senator Bilal Ahmed Khan regarding vacant posts against Balochistan quota in Federal services 80
    - *Senator Rana Sana Ullah Khan (Special Assistant to the PM on Political Affairs)* *81*
42. Point of public importance raised by Senator Falak Naz regarding political and law & order situation in the country 81
43. Point raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding statement made by Minister for Interior in the Senate 83
44. Point of Order moved by Senator Rubina Qaim Khani regarding non-absence of the Rules by the Members during Question Hour 85
45. Point of Public Importance raised by Senator Jan Muhammad regarding i) The performance of FWO. ii) Law and Order Situation in Balochistan. iii) Delaying the appointment of VC in Quaid-e-Azam University, Islamabad 86
46. Points of Public Importance raised by Senator Syed Masroor Ahsan regarding: i) decision of the Higher Education Commission of Pakistan on putting moratorium on computer science admissions in 44 universities of Pakistan; ii) problems being faced by cotton ginners of Pakistan 88
47. Point of Public Importance raised by Senator Abdul Shakoor Khan on political intolerance and constitutional roles of the institutions of Pakistan 89
48. Point of public importance raised by Senator Saifullah Abro regarding the bidding process in Danish School System by the Ministry of Education 92

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Thursday, the October 29, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirteen minutes past three in the evening with Mr. Presiding Officer (Shahadat Awan) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اَللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَ كُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓىِٕرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ؕ وَ نُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾

ترجمہ: اور ہم نے ہر انسان کے اعمال کو بصورتِ کتاب اس کے گلے میں لٹکا دیا ہے اور قیامت کے روز وہ کتاب اس سے نکال دکھائیں گے جسے وہ کھلا ہوا دیکھے گا۔ کہا جائے گا کہ اپنی کتاب پڑھ لے، تو آج اپنا آپ ہی محاسب کافی ہے۔

(سورۃ بنی اسرائیل: آیت ۱۳ تا ۱۴)

Recitation of Naat

دل کو سکون روح کو آرام آگیا

لب پر حضور آپ کا جب نام آگیا

خوشبو جو آ رہی ہے مدینے سے بار بار

کیا پھر در حضور سے پیغام آگیا

ڈوبا ہی جا رہا تھا گناہوں کے بوجھ سے

سرکار کا وسیلہ میرے کام آگیا

لب پر حضور آپ کا جب نام آگیا

Mr. Presiding Officer: Students and faculty members of the Capital Lyceum and Elegant School Rawalpindi, who are seated in the Visitor's Gallery.

Question and Answers

Mr. Presiding Officer: Now we will take up the questions. Question No. 102 is in the name of Senator Talha Mahmood Sahib.

Then, sir, the next question is also of Talha Mahmood Sahib. چونکہ منسٹر صاحب نے بھی request کی ہے اور طلحہ صاحب بھی ہیں۔ اس کو pending کر لیتے ہیں۔ Next اس کو لے لیتے ہیں۔ اس کے بعد ثمینہ ممتاز زہری صاحبہ بھی تشریف نہیں رکھتی ہیں۔ اس کو defer کر دیتے ہیں۔ ثمینہ ممتاز زہری کا next question No. 111 بھی ہے تو defer کر دیتے ہیں۔ اس کے بعد محمد ہمایوں مہمند صاحب ہیں۔ ڈاکٹر صاحب بھی تشریف نہیں رکھتے ہیں۔ تو lobby سے تو بلانے کے لیے نہیں جائیں گے۔ ڈاکٹر ہمایوں مہمند صاحب۔ عابد شیر علی صاحب! آگے ہی جائیں گے۔ بسم اللہ! آپ کے question تک پہنچیں گے، rest assured. اس کے بعد ہیں Senator Muhammad Azam Khan Swati Sahib. جناب سینیٹر صاحب۔

[Q. No. 114]

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: بڑا اچھا جواب دیا ہے، لیکن میرا یہ خیال ہے کہ جواب ذرا دیکھ لیں کہ Breakup of the encroachment کی لسٹ ہے جو کہ 5,691 پر مشتمل ہے۔ وزیر موصوف بڑے قابل ہیں، نوجوان ہیں، اس ملک کا future ہے، صرف ان سے یہ پوچھ رہا ہوں کہ اتنے بڑے cases ہیں، تو مجھے بتا دیں خالی کہ additional construction جو ہے 5,991 اور میں guarantee سے کہتا ہوں کہ کم از کم 50 ہزار کے قریب ہوں گے، لیکن چلیں اسی figure کو مان لیتے ہیں۔ کتنے درست کر دیے ہیں اور اگر نہیں کیے تو ان کی وجہ بتائیں۔ یہ تو نہیں ہے کہ اس ملک کے غریب عوام پر قانون لاگو ہو اور جو encroachers ہیں، جو قانون کو بڑے ہونے کی حیثیت سے violate خود کرتے ہیں، ان کے لیے کوئی قانون نہیں ہے۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Yes, Minister Sahib.

جناب عقیل ملک (وزیر مملکت برائے قانون و انصاف): جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ دیکھیں، واضح طور پر جو ایک public interest کی جو concern ہے، وہ بالکل ضرور اٹھایا ہے، because obviously یہ taxpayer کے پیسے ہیں اور اس

حوالے سے جو accommodations as per rules and regulations government officers کو allot ہوتی ہیں، اس میں جو encroachment ہے یا اس میں اضافی جو construction کا معاملہ ہے۔ بالکل انہوں نے درست اس کی طرف نشان دہی کی ہے۔ ہم نے تمام تر تفصیلات اس میں جمع بھی کرادی ہیں اور اس کے ساتھ لف بھی ہیں۔

Of course ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ encroachment exist نہیں کرتی، بالکل encroachment exist کرتی ہے لیکن Ministry of Housing and Works میں ہمارا enforcement squad ضرور ہے۔ ہمارے پاس جو CDA کے طرز کی machinery یا encroachment کو ہٹانا یا اس کو remove کرنا وہ ہمارے پاس یا Building and Control جس طرح کوئی department ہے، وہ زیرِ تجویز ضرور ہے، اس پر کام بھی کیا جا رہا ہے، لیکن اس میں جو یہ responsibility primarily rests with CDA اور ہم نے time and again CDA کو۔۔۔۔۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: یہ encroachment کا دوسرا سوال ہے۔ اس کے آگے والا سوال ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! یہ سوال نمبر 114 ہے۔ (جاری ہے۔۔۔۔۔ T02)

T02-29Oct2026 Abdul Razique/Ed: Mariam 03:20 p.m.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، یہ سوال نمبر 114 ہے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: یہ additional construction کا سوال ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ سوال نمبر 114 ہے اور یہ صفحہ نمبر 18 پر ہے۔ منسٹر صاحب، شاید آپ بھی اگلے سوال پر چلے گئے ہیں تو دوبارہ دیکھ لیں۔ چونکہ ہمارے بیرسٹر ہیں تو غلطی نہیں کریں گے۔

جناب عقیل ملک: بہت شکریہ، جی میں دوبارہ بھی دیکھ لیتا ہوں۔ ان کی بات ٹھیک ہے ان کے دونوں سوالوں کا یا جو پورا سوال ہے، اس کے جتنے بھی parts ہیں، وہ آپس میں interlinked ہیں۔ اس میں واضح طور پر اگر میں کہوں تو Rule 19 کے جواب میں بھی ہم نے لکھا کہ جو Accommodation and Allocation Rules ہیں، وہ restriction place کرتے ہیں کہ کوئی بھی allottee government accommodation میں کسی قسم کی maintenance, addition, alteration or encroachment نہیں کر سکتا ہے۔ جیسے انہوں نے کہا تو ان کا short answer یہی ہے کہ جو 2200 unauthorized

accommodations ہیں، وہ ہم نے cancel بھی کیے ہیں اور جو تمام violations ملیں، اس کے لیے ہم نے CDA کو بھی لکھا۔ ہمارے پاس enforcement squad ضرور ہے لیکن وہ بھی ہم پولیس کی مدد سے کرتے ہیں۔Housing and Works میں کوئی heavy machinery موجود نہیں ہے۔ ہم سی ڈی اے کو لکھتے ہیں کیونکہ مکان کی جو چاردیواری ہے، اس کے اندر بھی اگر construction ہوئی ہو تو ہمیں پھر بھی اسے dismantle or remove کرنے کے لیے سی ڈی اے کی مدد درکار ہوتی ہے۔ ہم نے سی ڈی اے کو time and again لکھا ہے اور میں وہ تمام تر تفصیلات آپ سے شیئر کر دیتا ہوں۔ ہماری جتنی بھی Government accommodations ہیں، جس کی تفصیل ہم نے بتائی ہے کہ وہ 5691 ہیں اور مختلف سیکٹرز جن میں F-6, G-6, G-7 and G-8 ہیں، ہم نے بتایا کہ ان تمام میں additional construction ہے۔ اگر مکان کا نقشہ موجود ہے اور وہ اس کی premises سے باہر ہے اور encroachment ہوئی ہے، وہ سی ڈی اے کی ذمہ داری ہے وہ ہماری per say ذمہ داری نہیں ہے لیکن ہمیں سی ڈی اے کے ساتھ مل کے وہ remove کرنی پڑتی ہیں جس کے لیے ہم نے سی ڈی اے کو 12 دفعہ لکھا بھی ہے کہ ان کے خلاف ایکشن ہونا چاہیے اور جو تجاوزات ہیں، ان کو remove کرنا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی کامران مرتضٰی صاحب۔ آپ کا ضمنی سوال کیا ہے؟

سینیٹر کامران مرتضٰی: جہاں پر بھی کوئی allotment کرنے والا ادارہ ہوتا ہے، ان کے پاس anti-encroachment cell ہوتا ہے۔ اگر ان کے پاس موجود نہیں ہے تو ہر چیز کے لیے انہیں انتظامیہ یا سی ڈی اے کی مدد چاہیے ہو گی تو انہیں اسے develop کرنا ورنہ اس طرح تو پھر خطوط لکھتے، لکھتے ایک مدت گزر جاتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی وزیر صاحب۔

جناب عقیل ملک: جناب، آپ نے بالکل درست نشاندہی کی ہے اور حکومت کے part پر یہی discussion and consideration بھی ہے۔ سی ڈی اے کے طرز کا جس طرح ان کا Building and Control Department ہے، ہمارے پاس جس طرح میں نے پہلے عرض کیا کہ enforcement squad ضرور موجود ہے لیکن وہ enforcement squad جب کہیں جاتا ہے تو وہ پولیس کو ساتھ لے کر جاتا ہے۔ لوگوں کی گھروں کی چادر اور چاردیواری کا تقاضا بھی ضرور ملحوظ خاطر رکھنا پڑتا ہے۔ اس کے ساتھ female police بھی ہوتی ہے۔ سی ڈی اے کے officials right there ہمارے ساتھ نہیں جا سکتے کیونکہ ایک procedure

ہے جسے adopt کرکے ہم انہیں بتاتے ہیں۔ جہاں accommodation cancellation and allotment کی بات آتی ہے، وہ Estate Office کرتا ہے لیکن جو enforcement squad ہے، بالکل on record میں یہ بات کر رہا ہوں کہ اسے مزید فعال کرنے اور مضبوط کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ نہ تو ان کے پاس کسی قسم کی مشینری موجود ہے اور نہ ہی کوئی excavator ہے جو encroachment کو ہٹا سکے۔ یہ تجویز زیر غور ہے اور ہم اس پر کام کر رہے ہیں اور اسے further supplement and strengthen کیا جائے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، سینیٹر خلیل طاہر صاحب۔

سینیٹر خلیل طاہر: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! جس طرح منسٹر صاحب on record کہہ رہے ہیں، میں بھی on record کہنے لگا ہوں کہ گھر گرانے سے پہلے یہ کسی کو نوٹس نہیں بھیجتے ہیں۔ ابھی جس طرح انہوں نے بری امام میں رہنے والے لوگوں کو وہاں سے نکالا جو کتنے کتنے سالوں سے وہاں بیٹھے تھے اور ان کے اور ہمارے سامنے ایک عمارت منہ چڑھا رہی ہے جو One Constitution Avenue ہے جس کا بڑا شور مچا تھا۔ اس کے بارے منسٹر صاحب کیا فرمائیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

جناب عقیل ملک: جو سوال مری کے متعلق ہے اور چونکہ وہاں پر کافی encroachments تھیں، اس کے خلاف Punjab Government وہ encroachment drive, as per law and in accordance with rules and regulations دیکھ رہی ہے اور تمام معاملہ کر رہی ہے۔ اس کی جو مزید تفصیل ہے، وہ میرے پاس موجود نہیں ہے۔ اگر وہ کہتے ہیں تو ہم وہ بھی آپ کو فراہم کر دیں گے لیکن ان کے ساتھ، ساتھ جو اسلام آباد کی متعلق بات کی گئی ہے، اس پر Interior Ministry نے action لیا ہے۔ اس پر ایک کمیٹی بنی اور اسے Federal Minister for Law and Justice نے chair بھی کیا۔ بالکل ہم نے ایک strict notice لیا اور اس نے باقاعدگی سے اپنا کام کیا کیونکہ One Constitution Avenue کے حوالے سے کافی litigation بھی موجود تھی۔ اس کے بعد پھر تمام چیزوں کو سامنے رکھ کر دیکھا گیا۔ اس کمیٹی میں even residents کو بھی بلایا گیا اور تمام تر تفصیلات سامنے رکھی گئیں۔ جو اس کی interim report ہے، وہ بھی آچکی ہے۔ مجھے نہیں پتا کہ ابھی وہ کس سٹیج پر ہے but I can certainly check and get back to you لیکن یہ کہنا کہ ہم ان کے خلاف ایکشن نہیں لیتے، میں نے پہلے بتایا کہ جو 2200 unauthorized

accommodations ہیں، وہ ہم نے کینسل کیے ہیں جو منسٹری آف ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے حوالے سے ہمارا مینڈیٹ ہے۔ Subsequently جو Federal Government servant ہیں جو general waiting list پر تھے، وہ ہم نے انہیں الاٹ بھی کیے ہیں تاکہ اسے ایک باقاعدہ طریقہ کار سے بنایا جائے، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر فاروق ایچ نائیک صاحب۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: جناب، میں منسٹر صاحب سے regarding One Constitution Avenue یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا ایک decision آیا جسے implement کرنے کی بجائے Prime Minister نے ایک fact finding committee بنائی گئی۔ کیا یہ lawful ہے، کیا Constitution اجازت دیتا ہے، کیا law اجازت دیتا ہے کہ ایک کمیٹی بنے to overwrite the order of the High Court. اس کا مطلب یہ ہے کہ we don't have trust in the High Court, and this is a very sad and alarming situation. میں سمجھتا ہوں کہ اس کمیٹی کو فوراً dissolve کرنا چاہیے اور High Court کا order implement کرنا چاہیے۔ میں اس پر منسٹر صاحب سے یہ درخواست کروں گا کہ اگر یہ High Court کے order سے اتفاق نہیں کر سکتے تو ان کا Supreme Court and FCC میں right of appeal ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

جناب عقیل ملک: میں اس حوالے سے کہ اس کی کیا details تھیں، اس پر کچھ زیادہ comment نہیں کروں گا but the Prime Minister is well within his right to constitute a committee on a matter of public importance. جس طرح honourable Member نے rightly کہا کہ ہائی کورٹ، سپریم کورٹ یا فیڈرل کانسٹیٹیوشن کورٹ کے implementation of orders ہوں، of course we uphold them in the highest regards of اور ان کی implementation کو ہم necessary ensure بھی کرتے ہیں۔ یہاں پر One Constitution Avenue کی بات ہوئی، honourable Member نے جو سوال پوچھا ہے، وہ Government servants کے حوالے سے تھا تو One Constitution Avenue is a different conversation اور اس حوالے سے سوال پوچھا جائے تو Ministry of Interior and concerned Ministries details کے حوالے سے apprise

کریں گیں۔ I actually support this کہ آپ یہ سوال جمع کروائیں کہ آیا یہ committee constitute ہونی چاہیے تھی یا نہیں اواس کمیٹی میں جو proceedings ہوئی ہیں، ان کی legal standing کیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ اگلا سوال نمبر 116۔ سینٹر محمد اعظم خان سواتی صاحب۔

(Q. No. 116)

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: .I guess I have to repeat myself again پیرزادہ صاحب میرے بڑے اچھے دوست اور میرے colleague رہے ہیں۔ آپ کو جو جواب دیا گیا ہے، وہ بالکل غلط ہے۔ Being a lawyer, just look into it that what are the elements of question. The question is: period of last five years, the number of notices issued; and, what action has been taken on the same. ماشاءاللہ Ministry of Housing نے مکھی پر مکھی ماری۔ انہوں نے لکھ دیا۔ آپ نوجوان ہیں اور بہادر ہیں۔ I think آپ اٹھ کر کھڑے ہوں گے کہ you are not satisfied with the answer which they had given for the question. میرے سوال کا جواب سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔ جب آپ کے element of questions کا جواب ہی نہیں ہے، آپ دیکھ لیں کہ جو جواب ہے، وہ میرے سوال سے متعلق نہیں ملے گا۔ انہوں نے خالی خانہ پوری کی ہے۔ میں نے آپ کی جگہ اس Upper House کو ایک مرتبہ نہیں بلکہ بہت دفعہ represent کیا ہے۔ جب کسی منسٹری سے ایسا جواب آتا تھا تو میں وہ کتاب ان کے منہ پر مارتا تھا۔ آپ honourable Parliament and honourable Member کو answerable ہیں اور آپ کا جواب درست نہیں ہے، بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

جناب عقیل ملک: دیکھیں، جو information میرے پاس ہے اور rightly honourable Member نے بالکل درست کہا کہ ان کے جو اعداد و شمار ہیں، جو مجھے provide کیے گئے ہیں، میرے سامنے جو material ہے اور مجھے جو بریفنگ دی گئی ہے، اس حوالے سے واضح طور پر میں یہ بتادوں کہ ان کے دو یا تین سوال جو بھی Ministry سے concerned تھے، وہ سارے

interconnected ہیں اور اس میں with utmost due respect, more or less information میں ایک ہی بات بار، بار سامنے آرہی تھی کہ۔۔۔۔۔ (T03 پر جاری ہے)

T03-29 Oct2026 Taj/Ed. Neelum 03:30 pm

جناب عقیل ملک: (جاری) وہ سارے inter-connected ہیں اور اس میں more or less information, with utmost due respect, ایک جیسی بات بار بار سامنے آرہی تھی کہ کتنی Government accommodations ہیں، کتنے کے خلاف action ہوا ہے، کتنی 2611 anti-encroachment تھیں یا کتنے کو notices جاری ہوئے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ تمام سرکاری رہائش گاہوں کا سروے مکمل کیا گیا۔ اس کے بعد ظاہری بات ہے جو غیر مجاز تعمیرات اور تجاوزات تھیں، ان کے خلاف کارروائی کی گئی ہے۔ جس طرح میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ یہ معاملہ سی ڈی اے کو بھجوایا گیا ہے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! Almost گ وہی جواب ہے جو پچھلے سوال میں دیا گیا ہے۔

Mr. Aqeel Malik: Almost, absolutely because these three questions are inter-connected with each other

کہ کیا اعداد و شمار ہے اور کیا action لیا گیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر بلال مندوخیل صاحب۔

سینیٹر بلال سینیٹر احمد خان: شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ کی توسط سے منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ جس طرح یہ سوال کیے گئے ہیں کہ anti-encroachment کے حوالے سے ابھی تک جتنے معاملات ہوئے ہیں یا جتنے بھی actions لیے گئے ہیں۔ میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ Anti-Encroachment Cell یا اس کام کے لیے جتنے بھی لوگ ہیں، وہ اس وقت تک کیوں سوئے رہتے ہیں جب encroachment ہو رہی ہوتی ہے؟ جس وقت encroachment ہو رہی ہوتی ہے، اس وقت آپ کیوں نہیں روک پاتے؟ Encroachment ایک گھنٹے، ایک دن یا ایک ہفتے میں نہیں ہوتی۔ منسٹر صاحب اس چیز سے بخوبی واقف ہیں۔ منسٹر صاحب بیرسٹر ہیں، اس کے ساتھ ساتھ ان کا کام بھی construction سے ہے۔ منسٹر صاحب بہتر سمجھتے ہیں کہ encroachment ہونے میں دن نہیں، مہینے لگتے ہیں۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کے colleague ہیں، آپ بھی وکیل ہیں۔

سینیٹر بلال احمد: اس میں دن نہیں، مہینے لگتے ہیں، ان کو اچھی طرح پتا ہے بلکہ زیادہ تر لوگوں کو پتا ہوگا کہ کسی بھی encroachment میں دن کی بجائے مہینے لگتے ہیں۔ اب مہینوں کے بعد اگر کوئی ادارہ anti-encroachment آکر encroachments کو گراتے ہیں۔ اس سے پہلے اپنے اس محکمے کے ان لوگوں کے ساتھ جنہوں نے اجازت دی، اس محکمے کے لوگ جو encroachment کرنے والوں کے ساتھ ملے ہوئے ہیں، ان کے متعلق انہوں نے کیا کیا ہے، وہ بتائیں۔ Anti-Encroachment Department تو کام کر رہا ہے، وہ پہلے اپنے ادارے کے لوگوں کے ساتھ کیا کر رہی ہے، وہ بتا دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

جناب عقیل ملک: دیکھیں، بالکل جو معزز ممبر نے بتایا ہے، وہ درست ہے۔ میں کیونکہ وکیل ہوں اور بیرسٹر ہوں۔ میرا family business ضرور construction ہے لیکن اس سے میرا کوئی تعلق نہیں ہے۔ بہر کیف، میں یہ ضرور۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Lighter mood میں کہا، وہ خود بھی یہی کام کرتے ہیں۔

جناب عقیل ملک: نہیں، نہیں، وہ بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ ان کی یہ بات بالکل درست ہے کہ انہوں نے کہا کہ encroachment بنانے میں ظاہری بات ہے سال بھی لگ سکتے ہیں، مہینے بھی لگ سکتے ہیں لیکن بالکل ہم action لیتے ہیں اور بلا تفریق action لیا جاتا ہے۔ ان Government accommodations کے حوالے سے Ministry of Housing میں ایک Enforcement Squad ہے، بالکل یہ میں نے on record مانی ہے کہ اس طرح سے ان کو empower نہیں کیا گیا۔ وہ ایکشن لیتے ہیں، جب 24 گھنٹے کے اندر نوٹس جاری کرتے ہیں، اس کے بعد پھر وہ ایکشن لیتے ہیں، پولیس بھی ساتھ جاتی ہے۔ بالکل، جو remove کرنے والا معاملہ ہے، اسی لیے میں نے کہا کہ سی ڈی اے کو ہم بار بار لکھتے ہیں اور وہ تمام چیزیں ریکارڈ کا حصہ ہیں۔ اسی لیے وہ اس میں ہماری معاونت کریں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بلال صاحب! انہوں نے کہا کہ ہم کرتے ہیں اور آئندہ مزید کوشش کریں گے۔ آپ کے وکیل بھائی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعد میں سمجھا بھی دوں گا۔ وہ آپ کے ساتھ بات کر لیں گے۔ جناب وقار مہدی صاحب۔

سینیٹر سید وقار مہدی: شکریہ، جناب چیئرمین! بلال مندوخیل صاحب نے بہت اہم سوال کیا تھا۔ اعظم خان سواتی صاحب کے Questions No. 114 and 116 بڑے اہم سوال ہیں۔ چیئرمین صاحب! توجہ چاہوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب۔

سینیٹر سید وقار مہدی: میرا خیال یہ ہے کہ چونکہ منسٹر صاحب کے پاس مفصل جواب نہیں ہے، ظاہری بات ہے کہ متعلقہ وزیر صاحب خود موجود نہیں ہیں۔ اعظم سواتی صاحب نے یہ بھی کہا کہ میرے سوالات کے جواب نہیں آئے۔ تو میری گزارش ہوگی کہ اس کو کمیٹی میں refer کر دیں تاکہ وہاں پر detailed discussion ہو جائے اور پھر جواب بھی مل جائیں گے۔ اُدھر منسٹر بھی ہوگا، منسٹری بھی ہوگی، ڈیپارٹمنٹ بھی ہوگا، تو کام ہو جائے گا۔ اس کو کمیٹی میں refer کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

جناب عقیل ملک: کمیٹی میں بھیج دیں۔ No issue at all. اگر کوئی میرے جواب سے satisfy نہیں ہے تو وہ تمام تفصیلات یہی ہیں جو میں بیان کر رہا ہوں۔ یہ کمیٹی میں بھی آ جائیں گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! گزارش یہ ہوگی کہ جس سوال میں آپ سمجھتے ہیں کہ یہاں پر پورا جواب نہیں ہو پائے گا، وہ شروع میں بتایا کریں تاکہ ہاؤس کا وقت ضائع نہ ہو۔ اگلے سوالون میں ذرا خیال کیجیے گا۔

جناب عقیل ملک: بالکل، آپ نے بالکل ٹھیک کہا۔ آپ Question No. 116 کو بے شک کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب کی چونکہ consent ہے، voluntarily وہ کہہ رہے ہیں، اس لیے کامران صاحب اور ان کے سوال ایک ہی جیسے ہیں۔

جناب عقیل ملک: جناب! تینوں سوال ایک جیسے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سواتی صاحب! آپ کے سوال نمبر 114 اور 116 کمیٹی میں بھیج دیے۔ جو دوست وہاں جانا چاہیں، وہاں پر بلال بندوخیل صاحب، وقار مہدی صاحب، اور بھی کوئی دوست کمیٹی میں جانا چاہیں تو چلا جائے۔

سینیٹر کامل علی آغا: مختلف آبادیوں کو encroachment کے نام پر تباہ و برباد کر دیا گیا ہے۔ لوگ بے گھر ہو گئے ہیں۔ لوگ اس حکومت کو بددعائیں دے رہے ہیں۔ خدا کے لیے، اور نام استعمال کر رہے ہیں کہ ڈی ایچ اے نے یہ حکم دیا ہے۔ بھائی! ڈی ایچ اے کیسے حکم دے

سکتا ہے؟ ڈی ایچ اے کی کیا authority ہے کہ direct حکم دے اور encroachment ہٹانا شروع دیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو بھی کمیٹی میں discuss کریں۔ یہ بڑا ضروری ہے۔ لوگ بددعائیں دے رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کامل علی آغا صاحب! یہ چونکہ کمیٹی میں گیا ہے، جو دوست جانا چاہیں، وہاں پر discuss کر لیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: وہاں پر چالیس چالیس، پچاس پچاس سال connections لگے ہوئے ہیں۔ وہاں پر utility connections supply ہو رہی ہیں، بجلی supply ہو رہی ہے۔ ان بے چاروں کو تباہ کر دیا ہے، بے گھر کر دیا ہے۔ ان کو اس میں شامل کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کمیٹی میں سب دوست اس کو دیکھیں۔ میڈم! میں نے گزارش کی تھی کہ جو ادھر click کرے گا، میں نمبر پر چلوں گا۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اسی کو، بالکل، جیسے آپ کرتے ہیں ویسے ہی کروں گا۔ سوال نمبر ۱۱۷۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بات یہ ہے کہ سوال ہو گیا۔ بیرسٹر صاحب! میری گزارش سن لیں۔ جی کیا کہنا چاہیں گے؟

جناب عقیل ملک: جناب! گزارش یہ ہے کہ اس کا purview بہت limited scope ہے کیونکہ یہ Ministry of Housing and Works سے related ہے۔ جہاں پر دیگر چیزوں کی بات کر رہے ہیں، سی ڈی اے کے حوالے سے، وہ وزارت داخلہ کا mandate ہے۔ کم از کم ہم اپنے آپ کو confine کریں۔ یہ Government residences کے حوالے سے ہے۔ ہم سارا معاملہ کدھر لے گئے ہیں۔ Since my consent is there, so I humbly request.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! آپ کا کہنا بجا ہے۔ یہ معاملہ کمیٹی میں چلا گیا۔ آئندہ جو منسٹر ہیں، وہ خود آ کر جواب دے گا تو آپ کی جو پوزیشن نہیں ہو گی، آپ avoid کیا کریں۔ آپ law سے متعلق جواب دیا کریں، ویسے تو آپ ہر کیس لے لیتے ہیں۔ سوال نمبر ۱۱۷، سینیٹر بیرسٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تین سے زیادہ ضمنی سوال نہیں ہو سکتے۔ میڈم! گزارش سن لیں۔ : نہیں، ایسا نہ کہیں۔ آپ ہاؤس میں گھومتے رہتے ہیں، آپ بٹن دبا دیا کریں۔ اِدھر آ کر آپ check کر لیا کریں۔ آپ کو Chair پر یقین ہونا چاہیے۔ جی گھمرو صاحب، کوئی ضمنی سوال ہے؟

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب! میں نے یہ سوال کیا تھا کہ ملک میں تیل کی پیداوار per day کتنی ہے اور consumption کتنی ہو رہی ہے تاکہ عوام کو پتا چلے کہ ہمارا ملک کتنا oil produce کر رہا ہے۔ انہوں نے جو figures دیے ہیں۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بیرسٹر صاحب! منسٹر صاحب باہر ہیں، میں اس کو دو منٹ pend کر لیتا ہوں۔ ان کو آنے دیں، کہ ان کی موجودگی میں جواب آ جائے گا۔ تاکہ میڈم فوزیہ ارشد صاحبہ اور باقی جتنے دوست ہیں، وہ ان کا جواب سن لیں۔ دو منٹ انتظار کر لیں۔ سوال نمبر ۱۱۸، سینیٹر بشریٰ انجم بٹ صاحبہ۔ موجود نہیں ہیں، defer کر دیتے ہیں۔ سوال نمبر ۱۱۹، سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان صاحب۔ سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان صاحب۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جی، جی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب تشریف لے آئے۔ حاجی ہدایت اللہ خان صاحب! سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب کا سوال مکمل کرتے ہیں، اس کے بعد آپ کا سوال لے لیتے ہیں۔ جی سینیٹر بیرسٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب، سوال نمبر ۱۱۷۔

(Q. No. 117)

Mr. Presiding Officer: Any supplementary question?

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: میرا سوال یہ تھا کہ ملک میں oil production کتنی ہے اور consumption per day کتنی ہے تاکہ عوام کو پتا چلے کہ ملک کتنا oil produce کر رہا ہے۔ انہوں نے جو figures دیے ہیں، وہ پنجاب میں 11,925 barrel per day ہے۔ خیبر پختونخوا میں 27,589 barrel per day ہے۔ سندھ میں 24,566 barrel per day ہے۔ بلوچستان میں 8,782 barrels per day ہے۔ یہ تو production ہے اور total 65,350 barrels per day ہمارا ملک oil produce کرتا ہے۔

میرے سوال کا دوسرا حصہ ہے کہ consumption کتنی ہے۔ (جاری۔۔۔T04)

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: (جاری) میرے question کا جو دوسرا part ہے کہ consumption کتنی ہے تاکہ ہم اس کو compare کر سکیں کہ ملک میں oil production کتنی ہے اور consumption کتنی ہے اور اس بحران پر discussion ہو سکے۔ اس جواب میں consumption کی details provide نہیں کی گئیں تو یہ ذرا بتادیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب! منسٹر صاحب۔

جناب علی پرویز ملک: چیئرمین صاحب! سب سے پہلے تو معذرت، میں اسلام آباد میں موجود نہیں تھا جس کی وجہ سے آپ کو تھوڑا سا انتظار کرنا پڑا۔ معزز سینیٹر صاحب کا جو سوال ہے، اس میں گزارش یہ ہے کہ جو ہم مقامی طور پر پیدا کرتے ہیں، وہ خام تیل ہے۔ خام تیل refineries کا feed stock بنتا ہے اور اس کے بعد جو ایک عام صارف ہے، وہ refined product استعمال کرتا ہے۔ اگر معزز سینیٹر صاحب تھوڑا سا بتادیں کہ وہ کیا تفصیل چاہتے ہیں۔ ہم نے تو بتادیا ہے کہ مقامی طور پر جو خام تیل ہے، وہ ساٹھ سے ستر ہزار بیرل پیدا ہوتا ہے۔ جو ہمارے پاس refineries ہیں، ان کی صلاحیت تقریباً ساڑھے چار سے پانچ لاکھ بیرل کی ہے تو ان کو چلانے کے لیے مقامی تیل اور جو requirement, refined product کی ہوتی ہے، اس کا جو فرق ہے، وہ باہر سے خام تیل کو import کرکے، تیل، ڈیزل، aviation fuel اور باقی کے جو ایندھن ہیں، وہ پیدا کیے جاتے ہیں اور ان کی consumption ہوتی ہے۔ لہٰذا، تھوڑا سا بتادیں کہ وہ پوچھنا کیا چاہ رہے ہیں، میں اس کا تفصیل سے جواب دے دیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بیرسٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: ابھی منسٹر صاحب نے کہا کہ ہمارے ہاں جو crude oil پیدا ہوتا ہے، انہوں نے اس کی ہمیں figures دی ہیں اور اس کے بعد وہ refine ہوتا ہے لیکن میرا سوال یہ تھا کہ refined oil کی production and consumption کتنی ہے۔ وہ یہ information دے دیں۔ This is very simple observation. مہربانی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب علی پرویز ملک صاحب۔

جناب علی پرویز ملک: جناب! وہ refined product کی بات کر رہے ہیں۔ ہم refined product پیدا نہیں کرتے، اسے ہم خام تیل سے draw کرکے اور convert کرکے جو بیچتے ہیں، وہ ہم بتادیتے ہیں۔ اگر آپ ڈیزل کی بات کرتے ہیں تو پچھلے چند مہینوں

میں، خاص طور پر جب سے یہ جنگ کا سلسلہ چل رہا ہے تو ہم نے کوشش یہ کی ہے کہ چونکہ refined product دنیا میں بہت مہنگی ہو چکی ہیں۔ اس پورے خطے کے اندر refineries کافی impaired ہیں تو کوشش یہ کی گئی ہے کہ خام تیل باہر سے لا کر، ڈیزل کو ہم مقامی طور پر پورا کر لیں۔ اس کے اندر جب peak season آتا ہے، جس طرح آج کل ہے تو چھوٹا موٹا، ایک آدھ جہاز اگر منگوانا پڑتا ہے تو وہ منگوا کر اور وہ بھی PSO کے ذریعے، ڈیزل کی requirement پوری کی جاتی ہے۔ چونکہ refineries پرانی ہیں، اس لیے پٹرول کی تیس سے چالیس فیصد جو ہماری اپنی ضرورت ہے، اس کو crude سے convert کر لیتے ہیں، باقی ہم import کرتے ہیں۔ اس کے اندر OGRA ہر مہینے دو مرتبہ اپنی product review میٹنگ کرکے، اپنی demand and supply کا فرق کرکے اور ٹینڈر کرکے competitive process کے ذریعے لے کر آتا ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک announcement ہے۔ ہماری لابی میں جناب مزمل قریشی صاحب، سابق ایم۔این۔اے تشریف رکھتے ہیں۔ ہاؤس کی طرف سے ہم ان کو welcome کرتے ہیں۔ جناب ذیشان خانزادہ صاحب۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: چیئرمین صاحب! بہت شکریہ۔ منسٹر صاحب سے سوال یہ ہے کہ اس ڈیٹا سے لگ رہا ہے کہ تقریباً چالیس سے پچاس فیصد گیس اور تیل کی پیداوار خیبر پختونخوا کے اضلاع سے ہوتی ہے۔ ہمیں بتایا جائے کہ اسی حساب سے جو خیبر پختونخوا کا royalties کی مد میں share بنتا ہے، کیا وہ پورے کا پورا اسے دیا جاتا ہے۔ ہمیشہ سے جو ہمارے صوبے کی demand رہی ہے اور ایک issue رہا ہے تو جیسے اس سال بھی NFC میں share کم تھا، آیا یہ royalties کی مد میں کم ہوتا ہے یا وہ کوئی اور چیز ہے۔ منسٹر صاحب ہمیں اس بارے میں بتا دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک اور چیز ہے، پٹرول کی قیمت آج 400 روپے فی لٹر پر پہنچ گئی ہے اور ہمارے عوام کو بین الاقوامی ریٹ پر پٹرول مل رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ہمارے ملک کے اندر جو تیل کی پیداوار ہو رہی ہے اور جو بھی refineries ہیں تو کیا اس سے ہمیں کوئی مدد مل رہی ہے۔ اس سے ہمیں کیا فائدہ ہوتا ہے اگر تیل ہمارے ملک میں پیدا ہو یا باہر سے آئے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: شکریہ جناب۔ آپ کے توسط سے منسٹر صاحب سے سوال ہے، ہم یہ جو oil import کرتے ہیں، ہمارے ملک کے اندر کس price پر land ہوتا ہے۔ What is the price of the imported oil in Pakistan? اس کے بعد کتنی duties لگتی ہیں، کتنے taxes لگتے ہیں، کتنی پٹرولیم لیوی لگتی ہے اور پھر پٹرول کی کیا price ہو جاتی ہے۔ یہ ذرا تفصیلاً بتائیں کیونکہ

عوام پر پٹرول اور ڈیزل کا ایک بہت بڑا بوجھ آگیا ہے۔ میری اپنی خبر کے مطابق 100% taxes and Petroleum Levy is being levied on the consumers in Pakistan. مہربانی فرما کر اس کی وضاحت کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

جناب علی پرویز ملک: چیئرمین صاحب! بہت شکریہ۔ جو محترم سینیٹر فاروق نائیک صاحب نے بات کی ہے، میں اس کے اوپر صرف اتنی گزارش کروں گا کہ حکومت کی pricing کا جو پورا break up ہے، کون کون سے جزو میں کتنے پیسے اور کتنے روپے شامل ہوتے ہیں، ex-refinery سے end consumer price کیا بنتی ہے، یہ تمام تفصیل پچھلے تین مہینوں سے OGRA کے ویب پیج پر daily لگ رہی ہے۔ اس پر کتنی کسٹم ڈیوٹی ہے، کتنی لیوی ہے، کون سا بین الاقوامی معاہدہ ہے اس کے مطابق لگ رہا ہے، اس حوالے سے آپ جو بھی تفصیل چاہتے ہیں، میں معزز سینیٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ OGRA کی sheet میں ان کو پیش بھی کر دوں گا، خود آ کے کھول بھی دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فاروق حامد نائیک صاحب نے amount پوچھی ہے۔

جناب علی پرویز ملک: جناب! میں اس کے ایک ایک جزو، ایک ایک پیسے کی تفصیل بتا سکتا ہوں، وہ لیوی کی طرف اشارہ کر رہے ہیں، پٹرول اور ڈیزل پر 80 روپے لٹر، کیونکہ IMF کے ساتھ جو معاہدہ ہے، اس کے مطابق آپ نے لیوی کی ایک amount اکٹھی کرنی ہے۔ اس کے تحت 80 روپے پٹرول کے اوپر ہے، 80 روپے ڈیزل کے اوپر بھی ہے، اس کے ساتھ پانچ پانچ روپے Climate Support Levy ہے۔ اس کی وجہ سے غریب آدمی پر بالکل ایک بوجھ ہے اور وہ چونکہ بجٹ کا ایک حصہ ہے اور اس کے پیچھے ایک پوری داستان ہے اور وزیر اعظم صاحب FBR کو کس طرح اصلاحات کے ذریعے direct taxation پر لے کر جا رہے ہیں، میرے خیال میں بہتر ہوگا کہ اس سوال کا تفصیلی جواب وزیر خزانہ دیں۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: جناب! میرا منسٹر صاحب سے سوال ہے کہ آپ جو oil import کر رہے ہیں، اس کی landed cost کیا ہے اور اس کے بعد آپ اسے بیچتے کس rate پر ہیں؟ وہ جو price بڑھائی گئی ہے، اس کے taxes کے متعلق کچھ بتائیں۔ دیکھیں، جب oil مہنگا ہوگا، جب ڈیزل مہنگا ہوگا تو پاکستان کے اندر ہر چیز مہنگی ہو جائے گی۔ Food inflation is because of the high price of the oil. ٹرانسپورٹ مہنگی ہو جائے گی، سبزیاں مہنگی ہو جائیں گے، فروٹ مہنگا ہو جائے گا، دالیں مہنگی ہو جائیں گی۔ ایک عام آدمی اس مہنگائی کے اندر پس جاتا ہے۔

جناب علی پرویز ملک: جناب! میں دوبارہ محترم سینیٹر صاحب کو سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں کہ page کے اوپر ex-refinery price کہ land ہو کر اس کے بعد کیا gate کے اوپر بنتی ہے، اس کے اوپر کیا کیا جزو ہوتا ہے، وہ ساری تفصیل میں لا کر دے دوں گا بلکہ پچھلے تین مہینے کی بھی دے دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فاروق حامد نائیک صاحب کو وہ دے دیجیے گا۔ ابھی آپ ذیشان صاحب کے سوال کا جواب دے دیں۔

جناب علی پرویز ملک: جناب! ذیشان صاحب نے گیس کی royalty کی مد میں جو پیسا صوبوں کو جانا چاہیے، اس کے بارے میں تفصیل پوچھی ہے۔ حالانکہ اس کا oil کے سوال کے ساتھ تعلق نہیں ہے، میں آپ کو exact حقائق بھی لادوں گا لیکن میری اطلاعات کے مطابق کوئی pendency نہیں ہے۔ سال کی تقریباً تیس پینتیس ارب روپے کی royalty ذیشان صاحب کے اپنے صوبے کو جاتی ہے۔ میں ساری تفصیل ان کو مہیا کر دوں گا۔ اس کے ساتھ GDS کی مد میں بھی جو پیسے جاتے ہیں، اگر یہ fresh question ڈال دیں تو میں ان کی ساری تفصیل دے دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب علی پرویز ملک صاحب! آپ اپنے اسٹاف کو کہیے گا کہ ذیشان خانزادہ صاحب کو تفصیل دے دیں۔ جناب سینیٹر نورالحق صاحب۔

سینیٹر نورالحق قادری: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میری گزارش یہ ہے کہ ایک بہت بڑا المیہ ہے کہ جب غریب کو relief دینے کی بات ہوتی ہے تو درمیان میں IMF رکاوٹ بن جاتا ہے اور جب اپنی شاہ خرچیاں ہوں، تیرہ ارب روپے کا جہاز خریدنا ہو یا کوئی اور شاہ خرچی ہو، اس کے لیے کسی IMF کی ضرورت نہیں پڑتی۔ سوال یہ ہے کہ جو پٹرولیم کا refined یا خام مال درآمد کیا جاتا ہے اور جو مقامی پیداوار ہے، منسٹر صاحب کو پتا ہوگا کہ اس کا تناسب کیا ہے۔ ہمارا جو خرچ ہے، اس کا کتنا ہم درآمد کرتے ہیں اور کتنا مقامی پیداوار سے پورا ہوتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر علی پرویز ملک صاحب۔

جناب علی پرویز ملک: پہلے بھی اس کی تفصیل دی ہے، میں دوبارہ کوشش کرتا ہوں۔ تقریباً چار سے ساڑھے چار لاکھ خام تیل ہم روزانہ استعمال کرتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! اگر آپ کا وہی جواب ہوگا تو آپ نورالحق صاحب کو بھی details مہیا کر دیں۔

جناب علی پرویز ملک: جناب! میں مختصراً بتا دیتا ہوں۔ (T05 پر جاری ہے)

جناب علی پرویز ملک (وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم): میں مختصراً بتا دیتا ہوں۔ چار، ساڑھے چار لاکھ barrel خام تیل ہمیں روز کا استعمال کرنا ہوتا ہے، مقامی طور پر ہم 70, 60 ہزار barrel پیدا کرتے ہیں، جو سوال کے جواب کے اندر صوبہ کے حساب سے مہیا بھی کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بھی سینیٹر صاحب کچھ پوچھنا چاہیں تو میں حاضر ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر عبدالقادر صاحب۔

سینیٹر عبدالقادر: بہت شکریہ جناب۔ وزیر صاحب خوش قسمتی سے تشریف لائیں ہیں، میں نے اس ایوان میں پہلے بھی عرض کیا تھا اور Prime Minister *Sahib* نے specially جب بلوچستان والے آئے تھے تو آپ کو کہا تھا، request کی تھی کہ circular debt gas cap اس ملک کا 28 سو ارب ہے، اس کا 28, 1% ارب بنتا ہے تو بلوچستان کا، کوئٹہ کا ایک مسئلہ ہے 22, 20 ارب روپے کی گیس کا اور مسئلہ یہ ہے کہ گرمیوں میں ان بیچاروں کا بل 300 یا 500 یا 1000 کی limit میں ہوتا ہے، سردیاں وہاں شدید ہوتی ہیں، بہت ہی incremental جو method ہے، جیسے ہی extreme weather ہوتا ہے، سردی ہوتی ہے، تھوڑے سا گیس زیادہ استعمال کرتے ہیں، ان کا بل 10 ہزار روپے آ جاتا ہے اور وہ انتہائی غریب لوگ ہیں۔ اب یہ 10 ہزار اور 18 ہزار بل پر ان کی gas کاٹ دیتے ہیں، اب وہ بندہ کہتا ہے یار! میں 300 یا 200 unit والا بندہ ہوں یا غریب ترین آدمی ہوں، ایک burner جلاتا ہوں، اتنا extreme weather ہو گیا ہے، آپ fertilizer industries کو 28، 28 سو ارب روپے کا extra gas دے کر circular debt create کر رہے ہیں، تو ان بیچاروں کا 20, 15 یا 25 ارب روپے کا ایک مسئلہ ہے پچھلے تین چار سال سے، وہ جائیں اور اس کو حل کریں۔ ایک تو ان کی موجودگی سے میں نے فائدہ اٹھاتے ہوئے request کی کہ اس مسئلے کو حل کیا ہے یا نہیں اور جو extreme weather والے علاقے ہیں، ان کا incremental جو method ہے یا slab system ہے، اس کو تھوڑا سا address کر لیں، ہمیں بلا لیں، ہم ان کے ساتھ بیٹھ جائیں گے۔

دوسرا میرے ذہن میں یہ ہے کہ جو ہماری petroleum levy ہے، اس سے پچھلے سال Prime Minister *Sahib* نے بھی announce کیا اور بار بار یہ کہا کہ جی یہ levy پورے پاکستان کے لوگ ادا کریں گے اور بلوچستان میں جو road بنے گا کوئٹہ تا کراچی، تو اس میں ان کو ہم یہ compensate کریں گے۔ لیکن جو ابھی دیکھا گیا ہے، وہ levy کے پیسے Finance نے NHA کو نہیں دیے ہیں اور

NHA کے اندر یہ کافی issue ہے۔ تو وہ levy اگر لے بھی رہے ہیں، 80 روپے تو اس کا تھوڑا سا آپ trail پتا کر لیں کہ اس کے پیسے اگر Prime Minister نے مختلف forum پر announce کیا ہے، تو وہ ان کو کیوں نہیں جا رہے، جن projects پر لگنے تھے؟

تیسری بات یہ ہے کہ پچھلے 20 سے 25 سالوں میں ہماری تمام refineries کو 05 rupees liter یا for that matter some amount, 04 rupees liter ان کو دی جا رہی ہے۔ تو انہوں نے اب جا کر ان کو ایک وعدہ کیا ہے جی کہ ہم دو تین سال میں ان کو upgrade کریں گے اور ہم refineries میں اپنے آپ کو deep conversion میں یا Euro 04 میں یا Euro 05 میں، وہ نہیں کیا۔ تو جو پیسہ انہوں نے لیا ہے، آپ نے اس کی کوئی audit کی ہے اور جو نقصان ہماری economy کو اس کی وجہ سے ہوا ہے، اس کا کوئی حساب لگایا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، علی پرویز ملک صاحب۔

جناب علی پرویز ملک: معزز سینیٹر نے جو سوالات کیے ہیں، میں گزارش یہ کروں گا، ایک تو تیل کے بارے میں سوال تھا، پر کوئٹہ کے گیس کے جو مسائل ہیں، اس پر آج ہی میری Chief Minister Balochistan سے بات ہوئی ہے اور انہوں نے اگلے ہفتے کوئٹہ میں ملاقات کا کہا ہے، بلوچستان کے تین لاکھ customers ہیں، ڈھائی لاکھ کوئٹہ کے connections ہیں۔ ان کے جو مسائل ہیں، Prime Minister *Sahib* نے بھی کہا ہوا تھا تو ان سے اگلے ہفتے ملاقات ہو گی، میں آپ سے بھی گزارش کروں گا، وہاں پر ضرور تشریف لائیے گا۔ مل کر جو slab system کی وجہ سے جو challenges درپیش ہیں، وہ ان شاء اللہ حل کرنے کی کوشش کریں گے۔

جہاں تک levy کے پیسے اور اس کے استعمال کی بات ہے، ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ وہ پیسہ collect کر کے government کا جو consolidated fund ہے، اس کے اندر جمع کروا دینے کی حد تک ہے۔ اس کے بعد اگر fresh سوال یہ Finance سے مانگ لیں کہ کیا Prime Minister *Sahib* کے وعدے کے مطابق وہ پیسہ NHA اور باقی جگہ گیا ہے کہ نہیں گیا، تو وہ سوال کا بہتر جواب دے سکیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس کو بھی ڈال دیں۔

جناب علی پرویز ملک: جو refinery کی بات کی، یہ بالکل عام فہم سمجھ یہی ہے کہ deemed duty سے یہ امید کی جاتی تھی کہ refineries اپنی صلاحیت کو بہتر کریں گی اور deep conversion پر convert کریں گی۔ اگر آپ record دیکھیں تو یہ

refineries کو ایک guaranteed return کے ذریعے لگوایا گیا تھا۔ Guaranteed return کا مطلب یہ ہے کہ وہ IPPs کے طور پر، اسی formula کے اوپر انہوں نے چلنا تھا۔ جب آپ نے ان سے یہ guarantee withdraw کی تو deemed duty کو in lieu of that compensation دیا، اس کا ان کی upgradation کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ پر اب جب یہ refinery policy کو amend کرکے ہم آگے لے کر چل رہے ہیں، اس کے اندر مخصوص escrow account بنوا کر، اس کے ذریعے پیسے کو پابند کر رہے ہیں کہ صرف اور صرف refinery کے لیے استعمال کیا جائے گا، باقی اس کا audit یا جو بھی یہ کروانا چاہتے ہیں، اس کی تفصیل مل جائے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان۔

سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان: Question No. 119, میرا ہے۔ اس میں میں نے سوال کیا تھا لیکن انہوں نے ایک جواب دیا ہے اور اس پر میرا ضمنی سوال ہے کہ یہ پیسوں اور متعلقہ فریقین کے مابین جو نجی معاہدات انتظامات ہیں، لہٰذا ایسی معلومات کا افشا متعلقہ معاہدوں میں رازداری سے متعلق دفعات اور قابل اطلاق قانونی ضابطہ اخلاق کی تقاضوں کے تابع ہے۔ تو میرے خیال میں اس میں کون سی رازداری ہے، کہ وہ اس کو افشا نہیں کرنا چاہتے۔ میرے خیال میں اس کا ذرا جواب دے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، علی پرویز ملک صاحب۔

جناب علی پرویز ملک: گزارش یہ ہے کہ اس سوال کے دو پہلو تھے، ایک تو انہوں نے تفصیل مانگی تھی جو کہ مہیا کر دی گئی ہے کہ اسلام آباد میں کون کون سے pump ہیں۔ باقی یہ معاہدے دو parties کے درمیان ہیں اور اس کے اندر وہ commercial contracts ہیں، جس کے اندر ان کی زمین، ان کی location, ان کے جو باقی concessions جس طرح سے لی جاتی ہیں، اس کے مطابق یہ دو parties آپس میں بیٹھ کے negotiation کے ذریعے طے کرتی ہیں۔ اس پر نہ وزارت کا کوئی عمل دخل ہے اور نہ اس کے اندر کوئی قومی اہمیت کا معاملہ ہے۔ یہ commercial contracts ہیں دو parties کے، اس لیے confidentiality attract کرتے ہیں۔ اگر اس کے بعد بھی سینیٹر صاحب کے کوئی خدشات ہیں کہ کسی جگہ کوئی مل ملا کے کوئی کام ہوا ہے تو بتا دیں، اس کو ہم management سے یا board سے ان کے سوال جواب منگوا لیں گے، ورنہ PSO ایک state-owned enterprise ہے، اس کا ایک اپنا board ہے، وہ

اس کے اندر حکومت کے نمائندے بھی ہیں اور وہ ایک ضابطے کے مطابق چل رہا ہے اور یہ سارے معاہدے بھی اسی ضابطے کے تحت ہوئے ہیں، نہ مجھے معلوم ہے، نہ اس کے اندر ایسے کوئی خرچات یا خدشات ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: چیئرمین صاحب، میں Question No. 117 جو پہلے تھا، اس پر میرا۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اس سوال پر بات کریں، سیف اللہ صاحب، آپ senior Parliamentarian ہیں۔ آپ اس کے متعلق بات کریں، پھر اس کے بعد کوئی بات کرنی ہے، تو کر لیجئے گا۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: بات یہ ہے کہ مجھے پتا نہیں کہ ضمیر صاحب اٹھ کیسے گئے، سادہ سا سوال ہے کہ production کتنی ہے، consumption province wise کتنی تھی؟ بات یہ ہے کہ پاکستان میں آج کل petroleum کے issues ہیں، پورے ایوان سے آٹھ، دس دوستوں نے اس پر بات کی ہے۔ وزیر صاحب کی ماشاءاللہ اتنی گرفت ہے کہ انہوں نے نیا formula ایسا adopt کیا کہ پاکستان کے لوگوں کی سوچنے کی جو حد ہے، وہی ختم ہو گئی، ابھی لوگ اس کو دھیان ہی نہیں دیتے کہ شام کو price کیا ہے اور petrol pump پر کھڑے ہو جاتے ہیں۔

بات یہ ہے کہ جب return analysis ہوتی ہے، تو اس میں province wise جو آپ کی consumption ہے، ملک wise اس کا جو fair لگتا ہے، transport charges ہیں، آپ نے سنا ہوگا کہ transporters نے ہڑتال کر دی۔ ہمارے یہاں dealers کہتے ہیں ہمارا margin بڑھائیں۔ تو آپ کی بلوچستان کی consumption کتنی ہے؟ سندھ کی کتنی ہے؟ یہ سادہ سا سوال ہے، مجھے تعجب ہے کہ وزیر صاحب اس کا جواب نہیں دے پا رہے کہ یہ province wise consumption کیا ہے؟ کیونکہ بلوچستان میں۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب، گزارش سن لیں، آپ senior Parliamentarian ہیں، بات یہ ہے کہ اس پر پانچ دوستوں نے بات کر لی ہے، آپ سے ایک request ہے، یہ حاجی صاحب کا سوال ہے، باقی دونوں کے سوالات ہیں، اس سے متعلق کچھ ہے تو آپ بات کریں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ سے پہلے جب عرفان صدیقی صاحب اوپر بیٹھتے تھے، وہ اتنا اوپر بیٹھے کہ اوپر ہی چلے گئے۔ ہماری دعا ہے کہ آپ یہاں بیٹھیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تو ہر ایک نے چلے جانا ہے، کوئی معلوم نہیں کہ کون آگے ہے، کون پیچھے ہے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میں بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ پاکستان کے عوام کا issue ہے، provincial wise consumption ہو گی، اسی پر return analysis بنے گا۔ Return analysis ان کا کیسے بنتا ہے، جبکہ بلوچستان میں، آدھے سندھ میں، پنجاب میں ایران سے تیل smuggle ہو کر آتا ہے، تو اس میں impact نہیں آئے گا؟ یہ بڑا fraud ہے، اس پر باقاعدہ اس کی detail آنی چاہیے، معمولی issue نہیں ہے، they are bound to provide the consumption per province, وزیر صاحب بار بار اس کو avoid کر رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر فلک ناز صاحب۔ (T06 پر جاری ہے)

T06–29Oct2026 Imran/ED: Mariam 04:00 pm

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر فلک ناز صاحبہ۔

سینیٹر فلک ناز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ چیئرمین صاحب۔ میرا سوال وزیر پیٹرولیم سے ہے اور میرے خیال میں انہیں پتا بھی نہیں ہوگا کہ چترال بھی کوئی علاقہ ہے۔ نواز شریف صاحب کی حکومت میں وہاں پر گیس پلانٹ لگانے کا منصوبہ انہوں نے بنایا تھا۔ انہوں نے زمین بھی خریدی تھی اور اربوں روپے کی machinery بھی وہاں پر منگوائی تھی اور ابھی مجھے نہیں پتا کہ وہ machinery کہاں گئی اور وہ زمین کہاں کھا گئے۔ اُسے آسمان کھا گیا کہ زمین نگل گئی؟ ابھی تک اُس machinery کا بھی پتا نہیں ہے اور اُس گیس پلانٹ کا بھی پتا نہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر فلک ناز: منسٹر صاحب! آپ میری بات تو سنیں۔ منسٹر صاحب!

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فلک ناز صاحبہ! آپ بولیں۔ بیرسٹر صاحب! اپنی seat پر تشریف رکھیں۔

سینیٹر فلک ناز: میرا آپ سے سوال یہ ہے کہ جو گیس پلانٹ چترال میں لگا رہے تھے، اُس کے لیے آپ لوگوں نے زمین بھی خریدی تھی، اُس کے لیے آپ لوگوں نے اربوں روپے کی machinery بھی باہر سے منگوائی تھی، ابھی اُس بارے میں ہمیں بتایا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

جناب علی پرویز ملک (وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم): ویسے تو سوال اسلام آباد کے پٹرول پمپوں کا تھا لیکن میں چترال کا بھی جواب دے دیتا ہوں۔ میرے خیال سے۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم! آپ نے سوال کر لیا، تشریف رکھیں۔

جناب علی پرویز ملک: میری عرض سنیں۔ Honourable Senator *Sahiba*! میرا خیال ہے کہ پاکستان تحریک انصاف سے belong کرتی ہیں۔ اُنہیں یہ بھی معلوم ہوگا کہ اُنہی کی حکومت نے کابینہ کے اندر اُس پلانٹ کو لگانے پر خود ban لگایا تھا۔ یقیناً اُنہیں یہ معلوم ہوگا۔ تو وہ زمین SNGPL کے نام پر ہے۔ Ban ان کا لگایا ہوا ہے، machinery گودام کے اندر پڑی ہوئی ہے اور گل چکی ہے کیونکہ اُنہوں نے اس کے اوپر ban لگایا تھا۔ اب اگر اُس پر ان کی کوئی خواہش ہے تو بتادیں، ہم اُس کے مطابق اس کی تحقیق کر لیتے ہیں۔ بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Question No.121. Senator Haji Hidayatullah Khan Sahib.

(Q.No.121)

سینیٹر ہدایت اللہ خان: شکریہ چیئرمین صاحب، یہ سوال نمبر 121 ہے جس کا انہوں نے جواب دیا ہے۔ اس میں ٹھیک ہے کہ انہوں نے حلف نامے جمع کرانے کی تفصیلات بتائی ہیں اور کہا بھی ہے لیکن اس میں ایک بات ہے کہ آیا یہ اس کو سالانہ renew بھی کرتے ہیں کہ نہیں؟ یا وہی بیس یا پچیس سال پرانے ہی ہیں۔ جو حلف نامے لوگوں نے بیس سال پہلے جمع کروائے تھے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ interrupt نہ کریں، حاجی ہدایت اللہ صاحب کھڑے ہیں، اُن کا سوال سن لیں۔ جواب آپ کو دلواتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تشریف رکھیں۔ آپ تشریف تو رکھیں نا۔ منسٹر صاحب! آپ نے حاجی ہدایت اللہ خان صاحب کو سنا ہے؟

جناب علی پرویز ملک: اُن کا جواب دے دیا تھا۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں، تشریف رکھیں۔ دیکھیں، جواب جو question سے متعلق کیا کریں۔آپ statement, question, میری گزارش سن لیں۔آپ اپنی یہاں پر۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میری بات سن لیجیے گا۔ آپ اپنی speech نہیں کیا کریں، question کیا کریں، supplementary کیا کریں۔ دیکھیں، ہم سمجھ رہے ہیں۔اس طریقے سے آپ House کو interrupt مت کریں۔ منسٹر صاحب! ایک منٹ۔ سینیٹر اعظم سواتی صاحب! آپ کا کوئی supplementary ہے تو کر لیں تاکہ اکٹھا جواب آ جائے۔ سینیٹر اعظم سواتی صاحب!

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ آپس میں cross talk نہیں کریں۔ میڈم فلک ناز صاحبہ! cross talk نہیں کریں۔ نہیں، اس طریقے سے نہیں ہے۔ .That is unbecoming of a Senator۔آپ گزارش سنیں، پلیز آپ بیٹھ جائیں، بیٹھیں۔ نہیں، اس طرح نہیں چلے گا۔ جناب اعظم سواتی صاحب!

(مداخلت)

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: منسٹر صاحب کے لیے میرے دل کے اندر انتہائی قدر ہے۔ میں نے تین مرتبہ کہا ہے لیکن انہیں Housing کی طرف سے غلط answer پکڑائے گئے ہیں۔آپ یہ دیکھ لیں کہ ہدایت اللہ صاحب نے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: میں بتا رہا ہوں۔ The answer is very evasive۔آپ صرف یہ بتائیں کہ اگر affidavit ہے تو کیا کبھی affidavit کی verification کی گئی ہے؟ اس کا ایک پورا detail میں جواب آنا چاہیے تھا کہ جی، affidavit دی ہے۔ آج کل تو میں سب کا تو نہیں کہتا لیکن Parliamentarians اور دیگر دوسرے بڑے بڑے لوگوں نے جو affidavit دیے ہیں، وہ غلط ہیں اور کئی پکڑے گئے ہیں۔اُن کی جعلی ڈگریاں بھی پکڑی گئی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اعظم سواتی صاحب! گزارش یہ ہے کہ چونکہ حاجی صاحب کے منسٹر صاحب سے متعلقہ پچھلے دو سوال ہم نے کمیٹی کو بھیج دیے ہیں، تو اس کو بھی وہاں بھیج دیتے ہیں۔ آپ بھی تشریف لے جایئے گا۔ یہ حاجی صاحب کے question وہاں چلے جائیں گے۔ میرا خیال ہے کہ منسٹر صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ ہم نے کمیٹی میں بھیج دیے ہیں۔ .Question No.122 حاجی ہدایت اللہ خان صاحب! صفحہ نمبر 29 ہے۔

(Q.No.122)

سینیٹر ہدایت اللہ خان: مہربانی۔ یہ جو سوال انہوں نے دیا ہے۔۔۔ منسٹر صاحب چلے گئے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ، ایک منٹ حاجی صاحب! ان کو جواب دینے دیں۔ منسٹر صاحب! last time آپ نے فرمایا تھا کہ چونکہ میں قانون سے متعلق ہوں اور Housing والا نہیں ہے۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: گزارش سنیں۔ آپ نے یہ کہا تھا کہ میں Housing کا منسٹر نہیں ہوں، تو میں Housing والا جواب proper نہیں دے سکوں گا۔ آپ نے House میں خود یہ۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بیرسٹر صاحب! سن لیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عقیل ملک صاحب! گزارش تو سنیں۔ آپ نے چونکہ voluntarily فرمایا تھا کہ اس question کو آپ کمیٹی میں بھیجیں تو ہم نے بھیج دیا۔ اس کا اگر آپ جواب دینا چاہیں تو آپ بولیں۔

جناب عقیل ملک (وزیر مملکت برائے قانون و انصاف): .Only to the extent of 2 questions میں بالکل اس کا جواب دینا چاہتا ہوں، اس کی تمام تفصیلات ہم نے جمع کرادی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Question No.121 کا جواب دیں۔ فرمائیں۔

جناب عقیل ملک: Question No.121 میں honourable member نے جو سوال کیا ہے، اس میں واضح طور پر supplementary بھی آ گیا۔ چونکہ سوال حاجی ہدایت اللہ صاحب کا تھا اور اعظم سواتی صاحب نے اس میں supplementary پوچھا ہے۔ بالکل، ہم affidavit لیتے ہیں۔ اس کی تمام تر تفصیلات اس کے ساتھ ہم نے لف کی ہوئی ہیں۔ اس پر انہوں نے affidavit کی verification کی بات کی ہے۔ Affidavit on the face of it of course جب یہ مکان allot ہوتے ہیں تو affidavit لیا جاتا ہے کہ کیا اسلام آباد یا اُس کی territorial jurisdiction میں آپ کا کوئی مکان یا کوئی گھر یا کوئی رہائش گاہ ہے؟ تو اس میں بالکل وہ لکھتے ہیں کہ نہیں ہے۔ اگر نہیں .then they are opening themselves to criminal liability سو، یہ نہیں ہو سکتا کہ ہر ایک affidavit کی، جب آپ affidavit لیتے ہیں تو آپ کا شناختی کارڈ درج ہوتا ہے۔ اب تو e-stamp paper آ گئے ہیں۔ اُس affidavit پر باقاعدہ یہ چیزیں درج ہوتی ہیں۔ اس کی تمام تر تفصیلات ہم نے share کر دی ہیں اور تقریباً ہمارے پاس جو 15 F-type allottees ہیں، اُن کے affidavits available ہیں۔ ، تو یہ سوال کمیٹی میں جانے کا بنتا ہی نہیں ہے۔ جہاں پر تھا میں نے concede کیا۔ میں نے کہا یہ وہاں پر مزید تفصیلات آ جائیں گی۔ ایسا ہے کہ ہم بالکل affidavit لیتے ہیں، ہم اُنہیں بالکل check کرتے ہیں اور اگر کوئی anomaly نظر آئے تو ہم اُن کی cancellation کرتے ہیں۔ Thank you very much

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ!

سینیٹر فوزیہ ارشد: Thank you so much Chair! میں نے پہلے بھی سوال نمبر 116 کے لیے جیسے ہی اعظم سواتی صاحب کھڑے ہوئے تھے، بٹن دبا دیا تھا مگر آپ نے اس طرف نہیں دیکھا۔ آپ صرف اُسی طرف دیکھ رہے تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں! میں تو اس کو دیکھتا ہوں۔ یہاں پر دیکھتا ہوں اور اس ترتیب سے چلتا ہوں۔ چلیں آپ اپنا supplementary سوال پوچھیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: آپ نے اس طرف سے کسی کا supplementary نہیں لیا۔ میرا اس پر جو supplementary ہے، it is sort of overlapped and merged question. ہی ہے۔ اس میں انہوں نے on page 29 یہ لکھا ہے کہ

Estate Office has not granted permission to any allottee of government accommodation in sector F-6/1, G-6/1 and G-6/4.

بھائی! ایسا تو نہیں ہے۔ ادھر تو بہت ساری جگہ ہیں۔ F-6/3 میں آپ جائیں جو کہ بابو محلّہ کہلایا جاتا ہے۔ F-6/3, street 1 میں جو H-type and G-type ہیں، وہاں اگر آپ جا کے دیکھیں تو گورنمنٹ ہی کی طرف سے، CDA ہی کی طرف سے وہاں پر accommodations بنی ہوئی ہیں۔ Their veranda has become their lounge اور اُس کے آگے اُنہوں نے گھر بنائے ہیں F-6/3 just because کے جو یہ allotment houses ہیں they belong to the rank-wise grade 20 plus officers. تو آپ نے اُنہیں کچھ نہیں لکھا۔ جتنے بھی غریب لوگ اور under and below 16 grade, they are in G-6/1, F-6/1 and G-6/4. اس پر آپ نے لکھ دیا ہے اور اُن encroachments پر آپ نے action لیا ہے۔

تو اس طرح کا تضاد کیوں ہے۔ مجھے اعتراض ہے کہ آپ غریبوں کو تو کبھی جینے نہیں دیں گے اور دوسرے چونکہ بڑے عہدے کے لوگ ہیں، تو وہ جتنی بھی constructions کر لیں، آپ اُن کو بالکل forego کر دیتے ہیں اور وہ آپ کو نظر ہی نہیں آتیں۔ باقی لوگ تو[1][***] ہیں، ان پر آپ جتنے ستم کر لیں، کوئی بات نہیں۔ This is very unfair and I strongly condemn. اور میں protest کرتی ہوں کہ اس طرح کی discrimination نہیں ہونی چاہیے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! اب کامران مرتضٰی صاحب کا بھی سوال لے لیں، آپ اکٹھا جواب دے دیجیے گا۔ ۔ کامران مرتضٰی صاحب!

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب expunge کر دیا ہے۔ جس کے متعلق یہ کہہ رہی ہیں، وہ خود اس شہر کی ہیں۔ جی کامران مرتضٰی صاحب!

سینیٹر کامران مرتضٰی: جیسا اُنہوں نے کہا کہ یہ جو بھی allotments ہیں، ان allottee سے یا وہ جو allotment کے خواہشمند حضرات ہوتے ہیں، اُن سے affidavit لیتے ہیں۔ Affidavit لینے کا ایک مقصد ہوتا ہے ۔ اور بہت سارے معاملات میں affidavit لیتے ہیں جیسے scholarship پر جانے والوں سے۔۔۔ (T07 پر جاری ہے)

سینیٹر کامران مرتضیٰ: (جاری۔۔۔۔۔) Affidavit لینے کا ایک مقصد ہوتا ہے اور بہت سارے معاملات میں affidavit لیتے ہیں۔ جیسے scholarship پر جانے والوں سے affidavit لیتے ہیں اور معاملات میں بھی affidavit لیتے ہیں لیکن آج تک پاکستان میں کسی نے اگر غلط affidavit دیا ہے، غلط بیانِ حلفی دی ہے۔ اس پر کسی کارروائی کا کوئی case بیرسٹر صاحب کے ذہن میں ہے تو بتائیں تاکہ ہمیں بھی اس کا تھوڑا سا پتا چل سکے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ بیرسٹر عقیل ملک صاحب۔

جناب بیرسٹر عقیل ملک: چیئرمین! اس پر واضح ہے کہ 121 اور 122 سوالات ایک جیسے ہی ہیں اور ہم میرے خیال سے 122 سوال پر جا کر واپس 121 سوال پر آ گئے تھے۔ کچھ سوالات ہیں، میرے خیال سے 122 سے related آپ نے زیادہ پوچھا ہے کہ action جو ہے honourable Member نے بھی اس حوالے سے یہی بات کی ۔ Discrimination بالکل بھی نہیں ہے، across the board action لیا جاتا ہے۔ F-6/4 میں بھی CDA نے operation شروع کیا تھا، لیکن پھر اس کے بعد عوامی تحفظات تھے۔ چیئرمین! بالکل میں دونوں کو address کر رہا ہوں، اس میں عوامی تحفظات تھے، اس کے باعث پھر وہ operation روک دیا گیا۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کسی ایک sector کے ساتھ discrimination ہے یا کسی ایک set of public servants اور you know, based on their basic pay scale کے حوالے سے کوئی discrimination ہے۔ یہ آپ نے rightly point out کیا اور street 10, street 11 and street 12 میں Government houses ہیں۔ Ministry of Housing and Works کا اس سارے معاملے میں جو scope ہے، enforcement squad کے لیے میں اس سے پہلے بھی عرض کر چکا ہوں۔ ہم نے CDA کو کئی مرتبہ لکھا ہے اور CDA کی جو building and control ہے، چاہے وہ مکان کے باہر ہو یا مکان کے اندر ہو، انہوں نے وہ action لینا ہے، Encroachments کے حوالے سے، تجاوزات کے حوالے سے تو یہ بالکل کیا ہے۔

اس سوال کا دوسرا حصہ تھا جو right honourable Member سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب نے کہا، absolutely action لیا گیا ہے۔ ان کا ایک طریقہ کار ہے allotments کی cancellation کا اور کہ وہ تجاوزات اس کو remove کریں اور اگر

[1] *"Words expunged as ordered by the Chair.".*

affidavitsکے حوالے سے ان کی کوئی ایسی چیز سامنے ہوتی ہے، یہ تفصیلات ابھی میرے پاس موجود نہیں ہیں but I can certainly provide those details to you کہ کن، کنofficesکے خلاف on the basis of the affidavit action لیا گیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ last question ہے، سینیٹر فلک ناز صاحبہ۔

سینیٹر فلک ناز: جناب! آپ کا بہت بہت شکریہ، آپ نے دوبارہ مجھے time دیا، ایک بار پھر آپ کا شکریہ۔ یہ صوبائی matter ہے کیونکہ صوبے میں بھی ان کی حکومت ہے، وفاق میں آ گئے ہیں اور صوبے کو تو انہوں نے کنڈی لگا دی ہے اور 12 اضلاع پہ ان کی حکومت ہے، form 47 کی ہے۔ وہاں پر form 47 والوں نے ایک طرف کنڈی نے کنڈی لگا دی ہے اور دوسری طرف form 47 کی حکومت اس سے related ہے۔ انہوں نے تجاوزات کے نام پر وہاں پر operations شروع کیے ہیں، آپ سوچ بھی نہیں سکتے ہیں۔ خان صاحب کہتے تھے جب ہماری حکومت تھی تو باہر سے لوگ روزگار کے لیے پاکستان آئیں گے...

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم، supplementary question کریں۔

سینیٹر فلک ناز: بالکل، جناب! بالکل اسی پر آتی ہوں، please, sir ہم تو ستائے ہوئے لوگ ہیں، ویسے بھی ہماری حکومت نہیں ہے۔ ایک یہی forum رہ گیا ہے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ supplementary question کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر فلک ناز: میں آپ کو بتا رہی ہوں، سر، آپ بڑے منجھے ہوئے politician ہیں، ہم آپ کو اپنے دکھڑے سنا رہے ہیں۔ اس طرح بات ہے کہ، انہوں نے وہاں پر تجاوزات کے نام پر جو operations شروع کیے ہیں، کنڈی نے کنڈی لگا کر، دوسرے 12 اضلاع والوں کی بات کر رہی ہوں، کنڈی نے تو کنڈی لگائی، اس کی بات نہیں کر رہی ہوں، وہ تو...

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ضمنی سوال کریں۔

سینیٹر فلک ناز: جناب! ٹھیک ہے۔ کنڈی نے جس طرح آپ کی حکومت کو damage کیا ہے اور، آپ کی party کو damage کیا ہے، میرا دل رو رہا ہے۔ جو صوبے بنیں گے، ہم خوشی سے، ہم تو وڑ گئے ہیں۔ ویسے بھی ہمارا صوبہ تو چلا گیا، اب تو تختِ پنجاب کی فکر کریں اور

سندھ کی فکر کریں۔ دوسری بات ہے، میں آپ کو بتا رہی ہوں، اسی پر آ جاتی ہوں۔ اس طرح ہوا ہے تجاوزات کے نام پر لوگوں کے گھر، لوگوں کے کاروبار جس طرح مسمار کر رہے ہیں، پچھلے دنوں، پرسوں، . . .

پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم! آپ کا point آ گیا ہے۔ جناب بیرسٹر عقیل ملک صاحب، آپ کا کچھ جواب؟

جناب بیرسٹر عقیل ملک: بہت بہت شکریہ، جناب چیئرمین صاحب! میں سوال تلاش کر رہا تھا کہ ان کی پوری تقریر میں شاید مجھے کوئی سوال مل جائے، اس محکمے سے related، اس Ministry سے related مل جائے۔ ان کا یہ supplementary question qualify نہیں کرتا جس کا for what I can actually answer.

Mr. Presiding Officer: Minister Sahib, thank you. The question hour is over . The remaining questions and their printed replies placed on the table of the House shall be taken as read.

ایک announcement کے بعد ہم محسن نقوی صاحب کو زحمت دیں گے۔ ہمارے House میں سابق سینیٹر اکبر خواجہ صاحب، سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مولانا عبدالغفور حیدری صاحب اور سابق سینیٹر عتیق شیخ صاحب تشریف رکھتے ہیں، ہم سب کو welcome کرتے ہیں۔ میرے خیال میں کہ ہمارا secretariat بتا رہا ہے کہ Minister for Interior محسن نقوی صاحب کوئی statement دینا چاہتے ہیں، تو میرے خیال میں اگلے business سے پہلے اگر محسن نقوی صاحب بات کر لیں۔ Interior Minister جناب محسن نقوی صاحب۔

Statement by Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior, on the prevailing law & order and political situation in Pakistan

سینیٹر محسن رضا نقوی (وزیر برائے داخلہ) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ میں نے مناسب سمجھا کہ میرے بارے میں JUI کافی دنوں سے discussion کر رہی تھی اور مناسب یہی تھا کہ floor of the House آ کے اس کا جواب دیا جائے۔ میں ذاتی طور پر مولانا فضل الرحمٰن صاحب کا بہت احترام کرتا تھا لیکن کل جس وقت انہوں نے یہ جملہ کہہ دیا کہ میں ریاست پر تھوکتا ہوں، اس کے بعد انہوں نے کوئی احترام کی گنجائش باقی نہیں چھوڑی۔ آپ 100 اختلاف کریں، آپ 100 سیاستیں کریں لیکن کچھ چیزیں ہیں جو کسی سیاستدان کو زیب نہیں دیتیں۔ میرے اوپر وہ مسلسل پچھلے کئی ہفتوں سے تنقید کر رہے تھے جس کا جواب دینا مناسب نہیں تھا۔

کل پہلے تو انہوں نے House کو misquote کیا کہ ہم کوئی دفاعی معاہدہ کرنے ایران گئے ہوئے تھے۔ ہم ایران میں جو موجودہ crisis ہے، اس کو سنبھالنے کے لیے گئے ہوئے تھے۔ انہوں نے وزیرِ داخلہ، وزیرِ دفاع سے سوال کیا کہ آپ کیوں نہیں گئے ہوئے تھے؟ تو ان کو یہ معلوم نہیں تھا کہ یہ دفاع سے related نہیں تھا۔ اور پھر انہوں نے مجھے کہا کہ میں گیا ہوا تھا۔ میں شوق سے نہیں جاتا، مجھے Prime Minister صاحب نے specially task دیا ہوا ہے، اس جنگ کے موجودہ crisis چل رہا ہے۔ اس کے اوپر انہوں نے کچھ چیزیں مجھے سپرد کی ہوئی ہیں جس کی وجہ سے میں جاتا ہوں۔

میں مولانا صاحب سے صرف ایک سوال کرنا چاہتا ہوں اور اس time مولانا عطاء الرحمٰن صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں اور بھی کافی سارے JUI کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، میں صرف ایک سوال کرنا چاہتا ہوں۔ یقین کریں میں وہ بندہ ہوں جو آج سے جب تین چار ماہ پہلے انہوں نے بہت [2][***] والی اداروں کے متعلق statement دی...

(مداخلت)

سینیٹر کامران مرتضٰی : یہ کوئی یہاں پر کوئی personal agenda لے کر آئے ہیں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ [***] لفظ expunge کر دیا ہے۔

سینیٹر محسن رضا نقوی: کل personal تھا کہ نہیں؟ مرتضٰی صاحب، اب سن لیں!

سینیٹر کامران مرتضٰی: اپنی explanation دینی ہے تو جا کے media کو ادھر جا کے دے دیں، ادھر کیا کر رہے، میں سن رہا ہوں۔

سینیٹر محسن رضا نقوی: آپ یہاں پر سنیں، آپ یہاں سنیں ذرا، آپ کو سننا پڑے گا، کامران صاحب، آپ کو سننا پڑے گا۔ میں تو ذاتی معاملے کی بات ہی نہیں کر رہا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کامران صاحب! کامران مرتضٰی صاحب، چونکہ محسن نقوی صاحب، بیرسٹر صاحب، معلوم ہے وہ سینیٹر ہیں، آپ تشریف رکھیں۔ ہمیں معلوم ہے، آپ سینیٹر صاحب تشریف رکھیں۔ دیکھیں، گزارش یہ ہے، آپ senior Parliamentarian سینیٹر بھی ہیں، اس House کے Member ہیں، اس House کے آپ کے colleague ہیں، آپ کے member ہیں۔ دیکھیں، محسن نقوی صاحب نپے تلے الفاظ کہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: اگر as a minister, official capacity میں statement دینا چاہتا ہے میں، وہ تو کہیں، یہ تو اپنے ہی ذرا کپڑے دھو رہے ہیں۔

سینیٹر محسن رضا نقفوی: آپ سنیں تو سہی! ایک منٹ سنیں۔ آپ سنیں تو سہی نا پوری بات۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: cross talk نہ کریں۔ محسن نقوی صاحب، کامران صاحب تشریف رکھیں۔ جی تشریف، کامران بھائی۔ ٹھیک ہے، کامران صاحب، بالکل۔ محسن صاحب، جی continue کریں، ختم کریں اس کو دو منٹ میں، جی۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: یہ اپنا issue بتائیں، کیا issue ہے؟

سینیٹر محسن رضا نقوی: یہ لوگوں کو یہ perception دیں کہ جی یہ دفاعی معاہدہ تھا، یہ بالکل دفاعی معاہدہ نہیں تھا۔ ان کے لیے ریاست اس دن تک ماں ہوتی ہے۔۔۔ (جاری۔۔۔T08)

T08-29Oct2026 Abdul Ghafoor/ED: Neelam 4:20 PM

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: (جاری) ان کے لیے ریاست اس دن تک ماں ہوتی ہے، جس دن تک یہ ریاست کو نچوڑتے ہیں۔ جب تک ریاست سے مال لے لیں، اس وقت تک ریاست بہت اچھی ہوتی ہے اور جب ریاست میں حصہ نہ ملے، حکومت میں حصہ نہ ملے، تو ریاست پر تھوک دو۔ یہ کہیں پر مناسب نہیں ہے۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: یہ جو زبان استعمال کی جا رہی ہے۔

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: زبان آپ نے کل استعمال کی ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر کامران مرتضیٰ: آپ ہاتھ اوپر کر کے مولانا صاحب کے پاس بیٹھے ہوتے تھے۔ یہ جا کر وہاں سے ہلتے نہیں تھے۔

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: میری بات سنیں، آپ نے کل یہ زبان استعمال کی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میری دوستوں سے گزارش ہے cross talk نہ کریں۔ گزارش یہ ہے اس کے بعد کامران بھائی، آپ سے جواب لے لیں گے۔ ایک منٹ بات سن لیں، بات کرنے دیں۔ جی۔

---

[2] *"Words expunged as ordered by the Chair.".*

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، سینیٹر صاحب۔

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: جناب چیئرمین! اگر criticize کرتے ہیں، تو یہ اتنی ہمت لیں اور اپنے پاس رکھیں کہ اس کا جواب بھی لیں۔ یہ کوئی طریقہ کار نہیں ہے کہ آپ جا کر جو مرضی بول لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: محسن صاحب، آپ chair کو address کریں۔ ایک منٹ order in the house محسن نقوی صاحب، فرمائیں۔

(مداخلت)

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: جناب چیئرمین! آپ ان سے صرف یہ پوچھیں کہ یہ اسلام کو business کے لیے استعمال کرتے ہیں، اسلام کو سیاست کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: محسن صاحب ایک منٹ کے لیے میری بات سنیے گا، عابد شیر علی صاحب، رانا ثناء اللہ صاحب، رانا صاحب، house کا۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں، cross talk نہ کریں۔ رانا صاحب، عابد شیر علی صاحب ایوان کا۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں، عابد شیر علی صاحب یہ مناسب نہیں ہے۔ رانا ثناء اللہ صاحب، آپ تشریف رکھیں۔

(مداخلت)

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: جناب چیئرمین! آپ اُن کو تو چُپ کرائیں ناں!

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ تشریف رکھیں۔ دیکھیں، بات یہ ہے، میری ایک گزارش سنیں۔ عابد شیر علی صاحب یہ مناسب نہیں ہے۔کوئی cross talk نہیں کریں۔ کامران مرتضٰی صاحب آپ سن لیں، میں ایک بات بتاؤں۔ ہمارا ہے Rule 265 "a statement made by a Minister, a statement may be made by a Minister on a matter of public گزارش سن لیں۔کامران مرتضٰی صاحب، نہیں ہوں گی۔ دیکھیں، میری گزارش سنیں میں یہاں پر جتنی house کی بات ہو، ہر ایک کو protect کروں گا۔آپ تسلی سے ایک بات میں نے کہا وہ والی ہو گی جو ان کا statement ہے، اس کو دیکھ لیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ایک وکیل ہیں، تشریف رکھیں جی۔ایک منٹ، expunge کر دی ہے۔ نورالحق صاحب آپ نے سنا نہیں ہے۔اس میں یہ ہے " but no question shall be asked, nor discussion take place thereon at the time the statement is made" جناب! محسن نقوی صاحب continue کریں۔

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: انہوں نے اسلام کو سیاست، انہوں نے اسلام کو کاروبار، وہ اسلام کو ہر اُس چیز کے لیے استعمال کرتے ہیں جن میں ان کا ذاتی فائدہ ہوتا ہے۔ چیئرمین صاحب، میں آپ کو ایک اور چیز بتادوں۔

(مداخلت)

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: جناب چیئرمین! علی ظفر صاحب یہاں پر بیٹھے ہیں۔ علی ظفر صاحب یہی لوگ governor rule سے پہلے آ کر ہمیں کہتے تھے کہ governor rule لگائیں، ہماری ان سے جان چھڑائیں۔ یہ جو آپ کے ساتھ بیٹھ کر opposition کرتے ہیں، یہ دل سے governor rule لگوانا چاہتے تھے۔ میں آپ کو ثابت کرکے دوں گا، میں ویسے بات نہیں کر رہا ہوں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: please cross talk نہ کریں، آپ address کریں، جی۔

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر یہ بولتے ہیں، تھوکتے ہیں، تو یہ ہمت کریں کہ یہ سنیں بھی۔

(مداخلت)

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: اب آپ کو ریاست میں نوکری نہیں ملنی ہے۔ اب آپ کو ریاست سے پیسے نہیں ملنے ہیں۔ نہ آپ کو ریاست سے ٹکٹیں ملنی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، محسن نقوی صاحب۔

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: جناب چیئرمین! میں صرف یہ کہوں گا کہ انہوں نے یہ line cross کی ہے۔ یہ مسلسل cross کر رہے ہیں۔ اگر یہ کریں گے تو ان کو جواب ملے گا، ہر صورت جواب ملے گا۔

Mr. Presiding Officer: Thank you very much, Senator Syed Mohsin Raza Naqvi Sahib. Order No.2A, leave applications. Order No.3. Senator Bushra Anjum Butt, Chairman Standing Committee on Federal Education and Professional Training, may move Order No.3. Any one from the Ministry of Federal Education and Professional Training. Senator Sherry Rehman, may move the Resolution, please.

Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules

Senator Sherry Rehman: I, hereby move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirements of Rules 26, 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with to move a Resolution

Mr. Presiding Officer: I, now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: The motion is adopted. Please move the Resolution, madam.

Resolution moved by Senator Sherry Rehman regarding population growth in Pakistan

سینیٹر شیری رحمان: یہ Resolution ہماری بڑھتی ہوئی آبادی پر ہے which is population growth اور میں ہر سینیٹر اور ہر party کی مشکور ہوں کہ سب نے مشترکہ طور پر by consensus اس قرارداد پر sign کیے ہیں کیونکہ یہ ایک بہت

powerful message اس ایوان سے ہونا چاہیے کہ ہمارے اس پر کیا خیالات ہیں، اس پر کیا تحفظات ہیں اور کس level کی تشویش ایوان اجتماعی طور پر کر رہا ہے۔

With kind permission of the Chair; this addresses population growth, and here I start with your permission at our current trajectory, Pakistan's population is projected to reach approximately 390 million by 2050, placing unprecedented pressure on the country's resources. We recognize that a runaway population growth is one of our most ignored and disregarded challenges, and we, the members of the Senate of Pakistan, recognize that immediate and concerted action must be taken to address the crisis. It is noted that the 2023 population and housing census recorded Pakistan's population at 241.49 million, with an annual growth rate of 2.55%, which I believe is lower than it is, it is higher than this, this is the highest in South Asia.

It places inordinate pressures on the food available to every child, where 40% of children under 5 years are stunted, because they were unable to access the right nutrition at the right time. It places undue pressure on the resilience of every household struggling with water insecurity in a century of extreme climate vulnerability. It impacts the resources available to educate every child in a country where 26 million children are out of school, and it damages the quality and quantity of our human capital. It severely compromises the health and well-being of mothers, unable to space their births, or the other many that are unable to survive.

In short, the crisis has reached our kitchens, our schools, our hospitals, our farms, and our tables.Therefore, we are concerned that the growing gap in access to voluntary family planning, women's reproductive healthcare, child nutrition, and

education threatens public health in mounting cases of distress and deprivations. It widens the fault line of inequalities and chronically undermines sustainable development, which we all talk about.

We further emphasize that serious attention to population planning is fundamental to Pakistan's socio-economic development. We agree that the responsibility to ensure that our demographic dividend does not turn into a demographic time bomb lies across the board, across provinces, political parties, communities, genders, and faiths.This House, therefore, urges the government of Pakistan to take all necessary steps in coordination with provincial governments, parliamentarians, public and private officials, media practitioners, ulema, community leaders, and others in a whole-of-country approach, to bring down the population growth rate through intensive information campaigns, expansion of family planning services, scaling up of the lady health workers program, the creation of budgetary incentives, and a focused expansion of service delivery in existing reproductive health services. (Followed by T09)

Senator Sherry Rehman…(continued)…public and private officials, media practitioners, *Ulama*, community leaders and others in a whole of country approach, to bring down the population growth rate through intensive information campaigns, expansion of family planning services, scaling up of the lady health workers programme, the creation of budgetary incentives and a focused expansion of service delivery in existing reproductive health services.

With that I thank you, I conclude the resolution and I once again thank every Parliamentary leader, all Members of the Senate for not hesitating and signing this important resolution.

Mr. Presiding Officer: I now put the resolution before the House.

Senator Farooq Hamid Naek: I would like to make some arguments….

مجھے بولنے کا حق ہے، کہیں تو میں بیٹھ جاتا ہوں۔ نہیں نہیں میں بیٹھ جاتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: I now put the resolution before the House.

(The resolution was passed unanimously)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک announcement ہے، ہمارے پاس سابق سینیٹر اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا، پیر صابر شاہ صاحب تشریف لائے ہیں، ہم انہیں خوش آمدید کہتے ہیں۔ ہمارے پاس حاجی عنایت خان صاحب، former MNA بھی تشریف لائے ہوئے ہیں، ہم انہیں بھی خوش آمدید کہتے ہیں۔ جناب ایک resolution ہے اگر آپ اجازت دیں۔ جی منسٹر صاحب۔

Motion under Rule 204 moved by Mr. Aqeel Ahmed (Minister of State for Law and Justice) regarding constitution of Parliamentary Committee on Election Reforms

Mr. Aqeel Malik (Minister of State for Law and Justice): Thank you sir. Keeping in view of the motion already adopted by the National Assembly on the 16th of October, 2026 regarding constitution of a Parliamentary Committee on an

Electoral Reforms, it is moved under Rule 204 of the Rules of Procedure the Conduct of Business in the Senate, 2012 that the House may authorize the honourable Chairman Senate, to make nominations of the said Parliamentary Committee in consultation with Party Leaders in the Senate in proportion to their representation in the House. The Committee will present its final report to both the Houses of the Parliament.

Mr. Presiding Officer: I will now put the motion before the House.

(The motion was carried)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی معزز سینیٹر سید علی ظفر صاحب۔

Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! معزز منسٹر صاحب نے Electoral Reform کی بات کی تو میں انہیں assure کرنا چاہتا ہوں کہ Electoral Reforms اگر وہ کاغذ پر چاہیں تو میں انہیں ایک گھنٹے میں پوری reform باقاعدہ بڑے خوب صورت طریقے سے پیش کر سکتا ہوں، وہ بے شک اسے لے لیں۔ Electoral Reform کا issue کاغذ کے ٹکڑے پر خوب صورت الفاظ میں لکھنے کا نہیں ہے، مسئلہ یہ ہے اور یہ مسئلہ پیپلز پارٹی کو بھی اپنے زمانے میں درپیش آیا ہے اور ہر سیاسی جماعت جو گزری ہے اس کے سامنے یہ چیزیں آئی ہیں۔ مسئلہ implementation کا ہے، مسئلہ ہے جب اس پر عمل درآمد ہوتا ہے۔ جب عمل درآمد ہونے لگے تو آپ نے جو کچھ لکھا ہے اسے ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا جاتا ہے اور جو کرنا ہے، جس نے کرنا ہوتا ہے وہ کر ڈالتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ وہ طریقہ بتائیں اور کوئی ایسی کمیٹی بنائیں جو کہ Electoral Reforms کی جگہ Electoral Process کو ensure کرے کہ ہم نے جو کچھ لکھا ہے اس پر ہم عمل درآمد بھی کر سکیں گے۔ اگر منسٹر صاحب یہ suggestion دیتے ہیں، کوئی ایسا طریقہ ہے تو میں فوری طور پر اپنی جماعت سے کہوں گا کہ ہم اس کمیٹی کو join کریں اور اسے join کرکے پچھلے پچاس سے ساٹھ سالوں سے پاکستان میں Electoral Reforms کے ناطے جو کچھ ہوتا رہا ہے اسے روک دیں۔ قوم کا جو mandate ہے، قوم کی جو عزت ہے، قوم کا وقار ان کے ووٹ سے بنتا ہے اسے تو ہم پھینک دیتے ہیں۔ Electoral Reforms کا اچھا خیال ہے لیکن تھوڑا سا مجھے ایسا لگتا ہے کہ آپ مذاق کر رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کے بیرسٹر دوست نے کچھ کہا ہے تو آپ مختصر جواب دیجیے۔

جناب عقیل ملک: جناب چیئرمین! بہت اچھی تجویز ہے لیکن یہ سارا کام بیٹھنے سے شروع ہوتا ہے۔ جب یہ لوگ بیٹھیں گے ہی نہیں، وزیراعظم پاکستان انہیں بارہا مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں۔ معزز وزیر داخلہ نے بھی مشترکہ اجلاس میں on the floor of the House یہ بات کی تھی کہ کن کن نکات پر معاہدہ ہو چکا تھا اور اس میں point No.2 or 3 پر ہی Electoral Reforms تھا لیکن issue یہ ہے کہ یہ نہ بیٹھنا چاہتے ہیں، نہ یہ کمیٹیوں میں ہیں لیکن بصد احترام میں یہ ضرور کہوں گا on a lighter note کہ Electoral Reforms کی آپ بات کرتے ہیں تو میرے خیال سے پھر 2018 میں جو ہمیں تحفظات تھے، جو بات ہم نے کی تھی، وہ عوام کے mandate کے حوالے سے بات کر رہے ہیں۔ تو اس بابت بھی میں بتا دیتا ہوں کہ RTS, RMS پھر اس میں بھی بات جائے گی تو بہت دور تلک جائے گی لیکن اس میں صرف اتنی گزارش ہے کہ میں انہیں assure کرتا ہوں کہ آئیں بیٹھیں، جب تک بیٹھیں گے نہیں تب تک کس طرح سے راستہ نکلے گا۔ بالکل Electoral Reforms Committee کے بھی رکن بنیں، انہوں نے جو ایک گھنٹے میں presentation دینی ہے، اس کمیٹی میں جو meaningful deliberation ہو وہ تجاویز سامنے لے کر آئیں تاکہ۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بیرسٹر صاحب، آپ دونوں دوست ہیں، بعد میں بات کر لیجیے گا۔ جناب Leader of the Opposition, سینیٹر راجہ ناصر عباس صاحب۔

Senator Raja Nasir Abbas

سینیٹر راجہ ناصر عباس: شکریہ، جناب چیئرمین! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ آپ کا بہت شکریہ، ہم ایسی جگہ بیٹھے ہیں جسے کہا جاتا ہے کہ یہاں قوانین بنائے جاتے ہیں، چاہے وہ مجلس شوریٰ قومی اسمبلی ہو یا سینیٹ ہو۔ قانون ہم بناتے ہیں تاکہ implement ہو اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے society smoothly move کرے۔

جناب چیئرمین! قانون کے بغیر اور اس کی عمل داری کے بغیر کوئی معاشرہ رشد نہیں کرتا، کوئی معاشرہ آگے نہیں بڑھتا، کوئی انسان آگے نہیں بڑھتا ہے۔ ایک قانون ہے اور ایک تحد ہے کہ قانون پر عمل کرنا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ قانون کی پابندی کرنی ہے۔ اگر قانون ہو لیکن سوسائٹی، معاشرہ اور ہم لوگ اس قانون پر عمل کرنے کے پابند نہ ہوں۔ اس عہد کی پاسداری نہ کریں کہ قانون پر ہم عمل کریں گے، اس قانون کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ وہ معاشرہ، وہ فرد، وہ سوسائٹی، وہ حکومت اور وہ لوگ کبھی ترقی نہیں کر سکتے، کبھی آگے نہیں بڑھ سکتے ہیں۔ قانون کی implementation کے بغیر عدل و انصاف ناممکن ہے، ہو ہی نہیں سکتا۔ جس معاشرے میں عدل و انصاف نہ ہو وہ معاشرہ تباہی اور

بربادی کا شکار ہوتا ہے۔ Empires کے زوال اور decline کی آپ تاریخ پڑھیں اور اقوام کے مٹ جانے کی تاریخ پڑھیں، وہ کیوں مٹی ہیں کیونکہ وہ ظلم کرتی تھیں، عدل وانصاف نہیں تھا، دوسروں کے حقوق پر ڈاکا ڈالا جاتا تھا، باتیں کرتے تھے مگر عمل نہیں کرتے تھے۔

اس وقت پاکستان کے اندر جو سسٹم ہے، جس میں ہم رہ رہے ہیں اور جس کی وجہ سے ہم یہاں بیٹھے ہیں اس کی پہلی اینٹ ٹیڑھی رکھی گئی ہے اور اس ٹیڑھی اینٹ پر بقول سعدی شیرازی کے، اس حکیم شاعر کے کہ ٹیڑھی اینٹ پر جو بھی دیوار بنے گی وہ ٹیڑھی بنے گی (فارسی شعر)۔ آپ دیکھ لیں اس وقت پاکستان میں اگر ایک ووٹ بھی کسی نے کسی کا چھینا ہے تو اس نے قانون اور آئین کی خلاف ورزی کی ہے اور وہ مجرم ہے، اس نے جرم انجام دیا ہے اگر اس نے ایک بندے کا ووٹ بھی چھینا ہے یا اسے ضائع کیا ہے۔ جو آدمی بیٹھتا ہے، الیکشن کمیشن، الیکشن کرواتا ہے، اس کی ذمہ داری ہے کہ عوام کے ووٹ کی پاسداری کرے، جو وہاں پر RO's بٹھاتا ہے، وہاں جو لوگ بیٹھتے ہیں اور ووٹ ڈالتے ہیں، عوام نے جو ووٹ ڈالے ہیں انہیں facilitate کرنا ہے، یہ حق الناس ہے، یہ لوگوں کا حق ہے، ووٹ دینا لوگوں کا حق ہے اور جس کو ووٹ دیا جائے اس کے لیے نکلنا بھی ان کا حق ہے۔ جناب اس وطن اور موجودہ سسٹم کی ٹیڑھی اینٹ رکھ دی گئی، پہلے بھی آپ نے ٹیڑھی اینٹ رکھی جس سے پاکستان ٹوٹا۔ پاکستان صرف اس وقت بچ سکتا ہے جب یہ پاکستان جمہوری اور اسلامی ہوگا، آئین کے مطابق ہوگا اگر ہر کوئی اپنی مرضی کا پاکستان بنانا چاہے گا تو یہ نہیں رہے گا۔ آگے جاری۔۔۔(T-10)

T10-29Oct2026 Naeem Bhatti/ED Neelum 1:36:00 to 1:46:00

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): (جاری۔۔۔۔) پاکستان صرف اس وقت بچ سکتا ہے جب پاکستان جمہوری، اسلامی ہوگا، آئین کے مطابق ہوگا، اگر ہر کوئی اپنی مرضی کا پاکستان بنانا چاہے گا، یہ نہیں رہے گا، یہ آئین والا پاکستان رہے گا، جمہوری، اسلامی رہے گا۔ آپ نے لاقانونیت کی پہلی ٹیڑھی اینٹ رکھ دی ہے۔ جناب والا! آٹھ فروری 2024 کو الیکشن لُوٹا گیا ہے، ہر کوئی کہتا ہے کہ یہ لُوٹا گیا، اس کا جواز یہ نہیں ہوسکتا کہ 2018 میں ایسے ہوا تھا۔ آپ اس کے بعد الیکشن لُوٹتے لُوٹتے کہاں پہنچ گئے ہیں، آپ نے KP عوام سے چھین لیا ہے، آپ نے عوام سے پاکستان چھین لیا ہے، لاقانونیت کی ہے۔ لوگوں کو جیلوں میں ڈالا ہوا ہے، کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ مجھے وزارت قانون کی ذمہ داریوں کے بارے میں معلوم نہیں کہ اس کی قانون سازی کے علاوہ کیا ذِمہ داریاں ہیں، کیا یہ ذمہ داری بھی ہے کہ وہ دیکھے کہ عدل وانصاف ہو رہا ہے یا نہیں ہو رہا ہے، بے گناہ لوگ جو جیلوں میں پڑے ہوئے ہیں، انہیں ان کا حق مل رہا ہے یا نہیں مل رہا ہے؟ کتنے بے گناہ لوگ جیلوں میں جاتے ہیں اور

وہاں مر جاتے ہیں۔ ہم نے فیصلے اخبارات میں پڑھے ہیں، ایک آدمی مر گیا جبکہ بعد میں ثابت ہوا کہ وہ بے گناہ تھا، پھانسی کے بعد پتا چلا کہ وہ بے گناہ تھا، یہ بھی ہو جاتا ہے۔

جناب والا! اس وقت پاکستان میں سب سے بڑی مشکل لاقانونیت ہے، قانون کی حرمت ختم ہو چکی ہے، وہ بے حرمت ہو چکا ہے۔ ابھی آپ نے KP کے صوبے کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے، بارہ اضلاع جہاں آپ نے emergency لگائی، جب ہم مذاکرات کر رہے تھے تو پانچ اضلاع کی بات ہو رہی تھی، یہ بارہ کہاں سے آ گئے؟ آپ نے ان بارہ اضلاع کو federating unit بنا دیا ہے، دو حصوں میں صوبہ تقسیم کر دیا ہے، باقی پر آپ نے گورنر راج لگا دیا ہے۔ وہاں لوگوں کے گھروں میں گھس رہے ہیں، ابھی میں نے سنا ہے کہ اقبال آفریدی، ایم این اے کو گرفتار کرنے کے لیے تین سو لوگ گئے، وہ ان کے گھر میں گھسے، آپ وہاں لوگوں کے ساتھ دشمنیاں بنا رہے ہیں۔ آپ encroachment کے نام پر تباہی و بربادی پھیلا رہے ہیں، گورنر صاحب یہ کر رہے ہیں، ایسے نہیں ہونا چاہیے۔ دل ٹھنڈا نہیں ہوا، آپ نے قبضہ کر لیا ہے، عوام کو اٹھا کر دور پھینک دیا ہے، عوام irrelevant ہیں، عوام حیوانوں سے بھی بدتر ہیں۔ جوانوں کو کیا پیغام دے رہے ہیں، آپ پاکستان کے نوجوان کے لیے role model ہیں، ہم جو یہ کر رہے ہیں کیا ہم نمونہ عمل ہیں؟ ہم انہیں کہہ سکتے ہیں کہ کہ قانون پر عمل کریں، ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ red light کو cross نہ کریں، ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ قانون کی حرمت کا خیال رکھیں، آئین بہت محترم ہے، وہ اٹھا کر ہمارے منہ پر ماریں گے۔ ریاست کے ساتھ کھلواڑ ان لوگوں نے کیا ہے، جنہوں نے پاکستان میں الیکشن کو لُوٹا ہے، انہوں نے کھلواڑ کیا ہے جنہوں نے عوام کی رائے کو اٹھا کر پرے پھینکا ہے، وہ ریاست سے کھیل رہے ہیں، ہمارے وطن سے کھیل رہے ہیں۔ کیا پاکستان میں بدامنی بڑھ نہیں رہی، معیشت برباد نہیں ہو رہی، سیاسی بحران نہیں ہے؟ ہم تو کوشش کر رہے تھے کہ سیاسی بحران کا راستہ روکا جائے، سیاستدانوں کو طاقتور بنایا جائے، ان کے لیے space بڑی کی جائے اور ہمیں کیا ملا؟ آپ نے بات کرتے کرتے عوام سے پورا پاکستان چھین لیا، کیا اس طرح پاکستان چلے گا، آپ پاکستان کو چلا لیں گے، ہم پارلیمنٹ کو چھوڑ کر چلے جاتے ہیں، ہم سینیٹ سے چلے جاتے ہیں، ہم سب کے سب گھر چلے جاتے ہیں، آپ اس ملک کو چلا لیں گے، آپ اس تباہی و بربادی کے ذِمہ دار ہیں۔

جناب والا! عمران خان صاحب کی بہن، بوڑھی خاتون ہیں، ان کی عمر ستر سال ہے، وہ دل کی مریض ہو گئی ہیں، انہیں ہسپتال لے کر گئے ہیں، آپ ان کی فیملی کو ان سے ملنے نہیں دیتے ہیں، بدامنی ان کی وجہ سے ہے، وہ دہشت گرد خواتین ہیں، وہ باہر نکلیں گی تو ملک میں بدامنی شروع ہو جائے گی، لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ۔ بعض ان کی ماؤں کی عمر کی ہیں، بعض ان کی بڑی بہنوں کی عمر کی ہیں، وہ بزرگ خواتین ہیں، آپ انہیں اس جرم کی سزا

دیتے ہیں کہ وہ عمران خان، سابق وزیر اعظم کی بہنیں ہیں۔ خدا کے لیے آپ تو نہ کریں، آپ نے ساری چیزیں بھگتی ہوئی ہیں، ہر چیز بھگتی ہوئی ہے، آپ نے کون سی چیز نہیں بھگتی ہوئی، آپ کو تو زیادہ احساس ہونا چاہیے۔ مولانا روم نے کہا تھا کہ (فارسی) 'میں بات کرنا چاہتا ہوں، اپنا درد بیان کرنا چاہتا ہوں لیکن اس شخص کو بیان کروں گا جو خود اہل درد ہو، جو اس تکلیف سے گزرا ہو'۔ آپ نہ آئین کی، نہ قانون کی، نہ انسانیت کی پرواہ کرتے ہیں، آپ چاہتے کہ ہماری commitment مر جائے، ہمارے احساسات مر جائیں، یہ کہاں کی انسانیت ہے؟

جناب والا! اگر ہم نے یہاں تقاریر ہی کرنی ہیں، میں نے آج تک یہی سمجھا ہے کہ یہاں آ کر ہم کوئی مفید کام نہیں کر سکے، باتیں ہوتی ہیں، Bills pass ہوتے ہیں، پتا ہی نہیں چلتا کہ Bill میں کیا لکھا ہوا ہے، اچانک اسے لایا جاتا ہے اور اسے pass کروایا جاتا ہے، yes and no کروایا جاتا ہے، کوئی homework نہیں، کچھ نہیں ہے۔ جناب والا! میری گزارش ہے کہ یہاں آپ کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، انسانی بنیادوں پر آئیں، چلیں جیلوں میں جو بزرگ قیدی ہیں، بوڑھے ہیں، وہاں بیٹھے ہیں، ان کا پیچھے کوئی بچا ہی نہیں ہے، رہا ہی نہیں ہے، ایسے لوگ بھی ہیں اور جو سیاسی قیدی ہیں، آپ تمام کے تمام سیاستدان ہیں، سیاسی قیدیوں کے ساتھ کھڑے ہو جائیں، انہیں نکالیں، باقی بے گناہ قیدیوں کو باہر نکالیں۔ آپ کی پنجاب میں حکومت ہے، خدا کے لیے یہ نہ کریں، ایسے گھاؤ نہ لگائیں جن پر مرہم نہ رکھی جا سکے۔ خدارا! سیاسی اختلافات کو دشمنیوں کو وہاں تک نہ پہنچا دیں کہ واپس نہ آ سکیں۔

جناب والا! میں کسانوں کے حوالے سے بھی بات کرنا چاہتا تھا لیکن چونکہ وقت بہت کم رہ گیا ہے، کل اجلاس ہے، میں کسانوں اور کچھ دوسرے حوالوں سے باتیں کرنا چاہتا تھا۔ میری گزارش ہے کہ میں جواب چاہتا ہوں کہ اس حوالے سے اقدامات کرنے چاہییں، عمران خان کی بہن کے رشتہ دار باہر کھڑے ہیں۔ صرف عمران خان کی بہن کے لیے نہیں بلکہ ہر بوڑھی خاتون، ڈاکٹر یاسمین راشد ہیں، دوسرے بھی قیدی ہیں، آپ کی پنجاب میں حکومت ہے، پنجاب کی جیلیں آپ کے پاس ہیں، یہ سارے قیدی پنجاب میں ہیں، سندھ میں ایسا کوئی قیدی نہیں ہے، آپ بڑے پن اور بڑے دل کا مظاہرہ کریں اور چیزوں کو ٹھیک کرنے کی طرف قدم اٹھائیں، لوگوں کے زخموں پر مرہم رکھیں۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ رانا ثناء اللہ صاحب! آپ کچھ کہنا چاہیں گے؟

(مداخلت)

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان (مشیر برائے سیاسی و عوامی اموراور بین الصوبائی رابطہ): جناب چیئرمین! ایجنڈا میں ایک، دو Bills بھی ہیں، آپ پہلے یہ business لے لیں، اس کے بعد جو بھی دوست بات کرنا چاہیں، ان کی بات سنیں گے اور ان کا جو بھی مناسب جواب ہوا وہ دیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی یہ بہتر ہوگا، رانا صاحب! آپ تشریف رکھیں، ترتیب سے چلیں گے، وزیر صاحب! آپ ویسے بھی late آئیں، آپ تشریف رکھیں۔ Order No. 3. Senator Bushra Anjum Butt Sahiba,

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: رانا صاحب! نائیک صاحب نے یہ بات point out کی ہے۔ طے یہ ہوا ہے، تھوڑا سا business ہے، دوست بیٹھے ہوئے ہیں، ان reports کو lay کرنے دیں۔

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: جناب چیئرمین! ایک، دو Bills لے لیے جائیں، اس کے بعد جتنے بھی دوست بات کرنا چاہتے ہیں، علی ظفر صاحب، ان کے علاوہ کامران صاحب، سب بات کریں، ان کی بات سنیں گے اور اس کے مطابق انہیں جوابات بھی دیں گے۔ جناب چیئرمین! میں record پر ایک بات لانا چاہتا ہوں کہ آج سے دو دن قبل جب محترمہ ثمینہ زہری صاحبہ کے motion کی counting کا issue ہوا تھا تو اس پر ہماری طرف سے سینیٹر ناصر بٹ صاحب نے پیپلز پارٹی کے حوالے سے، coalition کے حوالے سے کوئی نامناسب الفاظ کہے، جس پر پیپلز پارٹی کے معزز سینیٹرز نے بھی اعتراض کیا، محترمہ شیری رحمان صاحبہ بھی اس پر معترض ہوئیں، میں محترمہ شیری رحمان صاحبہ جو پیپلز پارٹی کی پارلیمانی لیڈر ہیں، جو معزز سینیٹر یہاں موجود ہیں اور جو موجود نہیں ہیں، میں ان کے الفاظ پر ان سب سے معذرت کرتا ہوں۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ آپ ہمارے لیے بہت محترم ہیں، کبھی بھی اس طرح کا معاملہ نہیں ہونا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بہت شکریہ۔

Order No. 3, Senator Bushra Anjum Butt Sahiba, Chairperson, Standing Committee on Federal Education.

(Interruption)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ reports کہاں جائیں گی، پانچ منٹ کا کام ہے۔ جناب وزیر صاحب! کبھی کبھی تشریف لاتے ہیں، ہمیں یہ کرنے دیں۔ (جاری۔۔۔۔۔T/11)

T11-29Oct2026 FAZAL/ED: Neelum 04:50 pm

جناب پریذائیڈنگ آفیسر (جاری ہے۔۔۔۔) جناب وزیر صاحب! کبھی کبھی تشریف لاتے ہیں، ہمیں یہ کرنے دیں۔ فیڈرل ایجوکیشن سے کوئی دوست ہے تو وہ پیش کریں۔ سینیٹر کامران مرتضٰی۔

Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training regarding [The City University Islamabad Bill, 2026]

Senator Kamran Murtaza: Sir, I, on behalf of Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Bill to provide for the establishment of the City University Islamabad [The City University Islamabad Bill, 2026], introduced by Senator Nadeem Ahmed Bhutto on 10th February, 2026, may be extended for a period of sixty days with effect from 10th October, 2026.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Order No. 4. Senator Atta-ur-Rehman Sahib.

Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman of the Committee on Religious Affairs and Inter-Faith Harmony regarding [The Muslim Family Laws (Maintenance of Parents) (Amendment) Bill, 2026]

سینیٹر عطاء الرحمٰن: میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، قواعد ضابطہ کار و انصرام کارروائی سینیٹ، 2012کے قاعدہ 194کے ذیلی قاعدہ (1)کے تحت یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ مسلم عائلی قوانین آرڈیننس، 1961میں مزید ترمیم

کرنے کا بل [مسلم فیملی لاز (والدین کی دیکھ بھال) (ترمیمی) بل، 2026] جو سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی جانب سے 24 اگست 2026 کو پیش کیا گیا تھا پر کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں 23 اکتوبر، 2026 سے مزید ساٹھ دن کی توسیع کی جائے۔

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Order No. 5. Senator Jam Saifullah Khan Sahib, Chairman, Standing Committee on Water Resources. Yes, Senator Faisal Saleem Rehman Sahib.

Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Water Resources regarding financial losses and cost escalations in Dasu, Diamer-Bhasha and Neelum-Jhelum Hydropower Projects

Senator Faisal Saleem Rehman: Sir, I, on behalf of Chairman, Standing Committee on Water Resources, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 53, asked by Senator Syed Waqar Mehdi, on 25th August, 2026, regarding financial losses and cost escalations in Dasu, Diamer-Bhasha and Neelum-Jhelum Hydropower Projects, may be extended for a period of sixty days with effect from 24th October, 2026.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Order No. 6. Senator Nasir Mehmood, Chairman, Standing Committee on Housing and Works. Yes, Senator Hidayatullah Khan.

Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Housing and Works regarding details of plots and flats allotted to journalists and media workers by FGEHA since 2015

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میں سینیٹر ہدایت اللہ خان on behalf of سینیٹر ناصر محمود، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مکانات و تعمیرات، قواعد ضابطہ کار وانصرام کارروئی سینیٹ، 2012 کے قاعدہ 194 کے ذیلی قاعدہ (1) کے تحت یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ 25 اگست، 2026 کو سینیٹر جان محمد کی جانب سے پوچھے گئے نشان دار سوال نمبر 47، جو سال 2015 سے FGEHA کی جانب سے صحافیوں اور میڈیا کارکنوں کو الاٹ کیے گئے پلاٹوں اور فلیٹس کی تفصیلات سے متعلق تھا کے معاملے پر کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں 24 اکتوبر، 2026 سے مزید ساٹھ دن کی توسیع کی جائے۔

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Order No.7. Senator Saleem Mandviwalla, Chairman of the Standing Committee on Finance. Yes, Senator Mohammad Abdul Qadir.

Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue regarding [The Pakistan Sovereign Wealth Fund (Amendment) Bill, 2026]

Senator Mohammad Abdul Qadir: I, Senator Mohammad Abdul Qadir, on behalf of Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill to amend the Pakistan Sovereign Wealth Fund Act, 2023 [The Pakistan Sovereign Wealth Fund (Amendment) Bill, 2026], introduced on 8th May, 2026, may be extended for a period of sixty days with effect from 3rd November, 2026.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Order No. 8. Senator Syed Waqar Mehdi Sahib.

Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges against Executive Director, National Vocational and Technical Training Commission

Senator Syed Waqar Mehdi: Thank you, Mr. Chairman. I, Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Privilege Motion moved by Senator Rana Mahmood ul Hassan against Executive Director, National Vocational and Technical Training Commission, may be extended for a period of sixty days with effect from 1st November, 2026.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Order No. 9. Senator Syed Waqar Mehdi Sahib.

Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges against Vice Chancellor of Pakistan Institute of Fashion and Design

Senator Syed Waqar Mehdi: I, Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Privilege Motion moved by Senator Bushra Anjum Butt against Vice Chancellor of Pakistan Institute of Fashion and Design may be extended for a period of sixty days with effect from 8th November, 2026.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Order No.10, Senator Farooq Hamid Naek Sahib.

Motion under Rule 194 (1) moved by Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding [The Criminal Laws (Amendment) (Honour Killings Prevention) Bill, 2026]

Senator Farooq Hamid Naek: Thank you, sir. I, Farooq Naek, Chairman Standing Committee on Law and Justice, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) (Honour Killings Prevention) Bill, 2026], introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri on 19th January, 2026, may be extended for a period of sixty days with effect from 29th October, 2026.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Order No.11. Senator Umar Farooq Sahib, Chairman, Standing Committee on Petroleum. Yes, Manzoor Ahmed Kahar Sahib.

Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Petroleum regarding the details of Licensed Oil Marketing Companies

Senator Manzoor Ahmed: Sir, I, Senator Manzoor Ahmed Kakar, on behalf of Senator Umar Farooq, Chairman, Standing Committee on Petroleum, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 41, asked by Senator Zamir Hussain

Ghumro on 25th August, 2026, regarding details of Licensed Oil Marketing Companies, may be extended for a period of sixty days with effect from 23rd October, 2026.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Order No. 12. Order No. 12, Senator Faisal Vawda Sahib, Chairman Standing Committee on Maritime Affairs. Yes, Senator Rubina Qaimkhani.

Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs regarding irregularities in the affairs of the Korangi Fish Harbour Authority

Senator Rubina Qaimkhani: I, Senator Rubina Qaimkhani, on behalf of Senator Muhammad Faisal Vawda, Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs, to move under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the matter regarding irregularities in the affairs of the Korangi Fish Harbour Authority, may be extended for a period of sixty days with effect from 30th October, 2026.

جناب چیئرمین! میں ایک اور بات گزارش کرنا چاہتی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: گزارش یہ ہے کہ آپ نے report lay کر دی ہے۔

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Order No. 13. (Followed by T12)

Mr. Presiding Officer: Order No.13.

سینیٹر روبینہ قائم خانی: جناب! میری گزارش یہ ہے کہ اس کو تیسری یا چوتھی بار توسیع دی جا رہی ہے تو Ministry of Maritime Affairs چونکہ ایک بہت important Ministry ہے لیکن Standing Committee on Maritime Affairs کی اس وقت تک صرف دو یا تین میٹنگ ہوئی ہیں۔ آپ ruling دیں کہ فوری طور پر کمیٹی کا اجلاس بلایا جائے اور ان matters کو دیکھا جائے، شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: I request the Secretariat to note it. We now move on to Order. No. 13. It stands in the name of Senator Faisal Saleem Rehman.

Presentation of the Report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2026] (Insertion of new section 328B in PPC and subsequent amendment in Schedule II of Cr.PC)

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: شکریہ، جناب چیئرمین! میرے دونوں معزز سینیٹرز صاحبان بھائیوں نے بات کی ہے۔ میں کوئی جواب دعویٰ داخل کرنے نہیں جا رہا لیکن میں عرض کرنا چاہوں گا کہ سینیٹر مرتضیٰ صاحب نے بات کی کہ اگر ریاست یہ نہ کرے، ریاست ایسے نہ کرے تو پھر شاید وہ کچھ کہا جا سکتا ہے جس کے اوپر اعتراض ہو رہا ہے۔ وہ الفاظ کسی معنوں میں بھی acceptable نہیں ہیں جو ریاست کو کہے گئے ریاست کے حوالے سے کہے گئے۔ اسی لیے اس بات کی ضرورت پڑتی ہے کہ اگر ریاست یہ کرے تو پھر، ایسے نہ کرے تو پھر شاید یہ کہا جا سکتا ہے۔ میری گزارش ہے کہ جب ریاست کو آپ ماں کا درجہ دیتے ہیں تو پھر کسی عذر کی بنیاد پر ایسا نہیں کہہ سکتے۔ (جاری۔۔۔T18)

T18-29Oct2026 Tariq/Ed: Shakeel. 06:20 pm.

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان۔۔۔(جاری)۔۔ میری یہ گزارش ہے کہ جب ریاست کو آپ ماں کا درجہ دیتے ہیں تو پھر وہ کسی عذر کی بنیاد پر آپ ایسا نہیں کہہ سکتے ہیں۔ ایسے الفاظ ماں سے متعلق یا ریاست جس کو آپ ماں کے درجہ پر رکھتے ہیں، اس سے متعلق ایسے الفاظ نہیں کہے جانے چاہییں اور نہ کہے جا سکتے ہیں۔

اسی طرح سے تھوڑا عرصہ پہلے شہداء کے متعلق بھی ایسی بات کی گئی تھی۔ ہمیں حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کا بے پناہ احترام ہے، کامران مرتضیٰ صاحب کا اور حضرت مولانا عطاء الرحمٰن صاحب کا جو بیٹھے ہوئے ہیں لیکن معاملہ یہ ہے کہ کچھ وہ limits, کچھ وہ حدود جن کو cross کرنے سے ہر کسی کا دل دکھتا ہے، ہمیں ان کا ہر طرح سے لحاظ رکھنا چاہیے۔ ہمیں اپنی ذاتی عناد کو کسی طرح سے بھی اجتماعی مفاد، ملک، قوم اور ریاست پر لے کر نہیں جانا چاہیے۔ ٹھیک ہے ہر کسی کا اپنا perception and argument ہو سکتا ہے۔

سینیٹر علی ظفر صاحب نے جو بات کی ہے اس بابت عرض کروں کہ آپ سپریم کورٹ گئے، آپ نے سپریم کورٹ کے سامنے یہ تمام اعتراضات جن کا آپ نے کچھ مختصراً ذکر کیا ہے، آپ نے ان تمام چیزوں کو بڑی تفصیل کے ساتھ سپریم کورٹ کے سامنے رکھا۔ آپ نے جیل کے حالات اور وہاں پر حاصل سہولیات سے متعلق اسی طرح سے بیانیہ بنایا، آپ ہی کے وکیل جو کہ علی ظفر صاحب کی طرح senior وکیل ہیں، وہی یہ مقدمہ لے کر گئے تھے، انہوں نے یہ تمام arguments Supreme Court کے سامنے رکھے کہ جناب یہ کچھ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ایسا کریں کہ آپ friend of the Court کے طور پر جیل چلے جائیں اور آپ خود وہاں کے حالات کو دیکھ کر رپورٹ کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: انہوں نے وہاں پر سہولیات سے متعلق، کھانے سے متعلق اور باقی چیزوں سے متعلق آ کر جو رپورٹ کیا، ان کی رپورٹ میں اور جیل سپرنٹنڈنٹ نے جو رپورٹ سپریم کورٹ میں پیش کی تھی ان میں کوئی فرق نہیں تھا۔ علی ظفر صاحب بطور سینیٹر، یہاں پر آپ پارلیمانی لیڈر ہیں، آپ کی ذمہ داری ہے یا آپ پر یہ بات ہے کہ آپ نے یہ باتیں یہاں پر کرنی ہیں لیکن ایک senior وکیل کے طور پر آپ کو بھی معلوم ہے۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ interrupt نہ کریں اور تشریف رکھیں۔ دیکھیں میڈم بات یہ ہے کہ پارلیمانی لیڈر بول رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Order in the House, آپ تشریف رکھیں۔ آپ سیٹوں پر بیٹھیں، اس کے بعد آپ جواب دیجیے گا، ایک senior دوست کھڑے ہیں۔ دیکھیں اگر آپ نے ایوان کو چلنے دینا ہے تو آپ دلیل سے بات کریں، اپنی باری پر بات کریں۔ خبر بنانے کے لیے ایسا مت کریں۔ جی جناب رانا ثناء اللہ صاحب۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جناب چیئرمین! جو بات بھی علی ظفر صاحب نے کی ہے تو قانون کے مطابق وہ judicial custody میں ہیں، یہ Courts میں گئے ہوئے ہیں اور relief آپ وہاں سے حاصل کریں، یہاں پر آپ خبر یا میڈیا کی حد تک ٹھیک ہے آپ اپنی بات کرنا چاہتے ہیں یا جس طرح سے یہ محترمہ شور بھی کر رہی ہیں۔ باقی انہوں نے محترمہ نورین صاحبہ سے متعلق بات کی ہے۔ آپ ایک مطالبہ کر رہے ہیں۔ پہلے جو ایک مرحلہ ہوا ہے اس سے متعلق اس طرح کے الفاظ اور رویہ اپنانے کی بجائے آپ اس پر تو بات کریں کہ اگر ان کو کل وہاں پر تکلیف ہوئی ہے، ان کو فوری طور پر ہسپتال shift کیا گیا ہے اور اس وقت وہ جیل میں اس لیے ہیں کیونکہ وہ ملک میں انتشار پھیلانا چاہتی ہیں۔ وہ لانگ مارچ کر کے اسلام آباد پر حملہ کرنا چاہتی تھیں، وہ لوگوں کو ورغلا رہی تھیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ جس طرح سے علی ظفر صاحب نے ایک پیرائے میں اور اچھے الفاظ میں بات کی ہے تو میں بھی اسی پیرائے میں جواب دے رہا ہوں کہ ان کو فوری طور پر medical facility مہیا کی گئی ہے اور اس وقت جو information ہے اس کے مطابق وہ اللہ کے فضل سے بہتر ہیں، ان کے تمام tests ٹھیک آئے ہیں۔ انہوں نے جو بات کی ہے کہ ان کے کسی عزیز کو ملنے کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے تو اس سے متعلق معلوم کر لیتے ہیں۔ اگر ایسی صورت ہے تو ٹھیک ہے ان کے

عزیزوں کو ملنے کے لیے جو بھی permission ہے اس کے لیے ہم یہ کوشش کریں گے یا ہسپتال میں جو معاملات ہیں تو ٹھیک ہے انہیں ملنے دیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر بلال احمد خان صاحب۔ فلک ناز صاحب، اس کے بعد آپ کی باری ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر بلال احمد خان: شکریہ، جناب چیئرمین! آپ کے توسط سے میں رانا صاحب کی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک منٹ بلال صاحب۔ جی رانا صاحب۔

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: جناب چیئرمین! مسئلہ یہ ہے کہ تھوڑی دیر پہلے Leader of the Opposition راجہ ناصر عباس صاحب میرے پاس تشریف لے کر آئے اور انہوں نے یہی بات کی۔ میں نے اسی وقت معلوم کیا کہ محسن نقوی صاحب جا چکے ہیں یا یہیں موجود ہیں تو معلوم ہوا کہ وہ موجود ہیں اور علی ظفر صاحب کے ساتھ باہر lawn میں کھڑے تھے۔ یہی بات ان کے ساتھ کی گئی اور انہوں نے بھی اس بات کا promise کیا کہ جو بھی legal طریقہ کار ہے کہ ایک نظر بند کو ملنے کے لیے جو بھی procedure ہوتا ہے اس opt کر کے، انہوں نے راجہ ناصر عباس صاحب سے بھی اور مجھ سے بھی کہا کہ میں تھوڑی دیر کے بعد آپ سے رابطہ کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ جناب۔ سینیٹر بلال احمد خان صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Bilal Ahmed Khan regarding vacant posts against Balochistan quota in Federal services

سینیٹر بلال احمد خان: شکریہ، جناب چیئرمین! جناب آپ کے توسط سے میں رانا صاحب کی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، باقی تو اس وقت کوئی اور منسٹر نہیں ہے، رانا صاحب کی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے یہ پوچھنا چاہوں گا، ایک خوش آئند بات یہ ہے کہ بلوچستان کا جو Federal Services میں یا Federal Institutions میں جو سرکاری کوٹا 7% or 6% ہے اس سے متعلق پچھلے دنوں وزیراعظم صاحب نے order جاری کیے تھے کہ بلوچستان کے 7% or 6% کوٹا پر اس وقت کتنی posts vacant ہیں اور اس سے متعلق انہیں brief کیا جائے۔ اس briefing کے لیے Establishment Division نے ایک نو رکنی کمیٹی بنائی ہے تو منسٹر صاحب مجھے اس کمیٹی کی

formation بتا سکتے ہیں کہ اس نورکنی کمیٹی کو کس نے constitute کیا ہے، اس کمیٹی میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے کتنے لوگ ہیں، بلوچستان کے کتنے MNAs or Senators ہیں اور بلوچستان کے کتنے representatives ہیں، اس بارے میں اگر kindly یہ بتا دیں۔ اگر کوئی ہے تو ٹھیک ہے اور اگر نہیں ہیں تو اس نورکنی کمیٹی میں بلوچستان کے جتنے بھی اراکین ہیں بلوچستان کے MNAs and Senators کو اس کمیٹی میں شامل کیا جائے تاکہ بلوچستان کے مسائل صحیح طریقے سے address ہو سکیں اور بلوچستان کے کوٹے کے حوالے سے ہمیں صحیح طور پر آگاہی حاصل ہو سکے۔ شکریہ جناب۔ آگے جاری۔۔۔(T-19)

T19-29Oct2026 Naeem Bhatti/ED; Neelum 6:30 pm

سینیٹر بلال احمد خان: (جاری۔۔۔) تاکہ بلوچستان کے مسائل صحیح طریقے سے address ہو سکیں یا بلوچستان کے کوٹے کے بارے میں ہمیں proper آگاہی حاصل ہو سکے۔ شکریہ۔

Senator Rana Sana Ullah Khan (Special Assistant to the PM on Political Affairs)

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان (مشیر برائے سیاسی و عوامی امور اور بین الصوبائی رابطہ): جناب چیئرمین! انہوں نے جس کمیٹی سے متعلق بات کی ہے، میں نے note کر لیا ہے، میں information لے کر معزز سینیٹر صاحب کو کل صبح اجلاس سے پہلے inform کر دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بہت شکریہ۔ سینیٹر فلک ناز صاحبہ۔

Point of public importance raised by Senator Falak Naz regarding political and law & order situation in the country

سینیٹر فلک ناز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! آج آپ نے مجھے بات کرنے کا تین مرتبہ موقع دیا، مجھے بہت خوشی ہو رہی ہے۔ KP میں ہماری حکومت جانے کے بعد اس وقت وہاں جو حالات ہیں، وہ سب کے سامنے ہیں۔ میں آپ کے notice میں لانا چاہتی ہوں کہ آپ لوگوں کی پارٹی اپنے آپ کو جمہوریت کا علمبردار کہتی تھی اور کہتی بھی ہے، اس پارٹی میں شہید بے نظیر بھٹو صاحبہ، شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اپنی جانیں قربان کیں لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اقتدار کے لیے وہاں پر آپ کا جو گورنر کنڈی صاحب ہیں، پیپلز پارٹی ضیاء الحق اور مشرف کے دور میں ختم نہیں ہو سکی لیکن کنڈی صاحب نے تین ہفتوں کے اندر پارٹی کو بہت بری طرح damage کیا ہے۔ ہم لوگوں کو کوئی فرق نہیں پڑتا، ہماری حکومت چلی گئی، ہمارا لیڈر جیل میں چلا گیا، ہم سے ہمارا mandate لے لیا گیا، ہماری reserved seats چھین لی گئیں، ہم تو اس وقت حالت جنگ میں ہیں، ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن یہ وقت ہر ایک کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے، آج ہمارے ساتھ جو ہو رہا ہے، کل

وہ آپ لوگوں کے ساتھ بھی ہو گا، ہمارا صوبہ بھی ہم سے چھین لیا گیا۔ یہ صوبوں کی بات کرتے ہیں، یہ ڈھونڈرا کر رہے ہیں کہ پاکستان تحریک انصاف 28th Amendment میں حکومت کا ساتھ دے گی۔ ہمارا تو صوبہ بن چکا ہے، وہاں پر بارہ اضلاع میں ان کی حکومت ہے، اس کے علاوہ باقی اضلاع میں کنڈی لگی ہوئی ہے۔ ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا ہے، ہم نے تو قیامت کی گھڑی دیکھ لی ہے، ہم اس سے بڑی قیامت کی گھڑی کیا دیکھیں گے کہ ہمارا لیڈر جیل میں ہے۔

جناب والا! آج میں اپنے لیڈر عمران خان کی بہن نورین نیازی کی بات کرنا چاہتی ہوں جو کہ ایک غیر سیاسی خاتون ہیں۔ جناب والا! آپ نے تو ایوان کو جانو جرمن کی طرح مذاق بنایا ہوا ہے، براہ مہربانی ہماری بات سنی جائے کیونکہ یہ ایک national issue ہے۔ عمران خان کی تینوں بہنوں کو 3MPO کے تحت جیل میں ڈالا گیا ہے۔ ابھی رانا ثناء اللہ صاحب سے ہم نے سوالات کیے تھے، ہم تو اپوزیشن والے ہیں، ہمارے ورکروں کو ان کے گھروں سے اٹھایا جا رہا ہے، رانا صاحب کہتے ہیں کہ وہ دہشت گرد ہیں۔ اگر ہم دہشت گرد ہیں تو رانا ثناء اللہ صاحب! بہت احترام کے ساتھ، قطع کلامی معاف، جب آپ جیل میں تھے تو آپ کو بھی کہتے تھے کہ دہشت گردی کے جرم میں آپ جیل میں ہیں۔ آپ یہ بات یاد رکھیں۔ وہ ایک غیر سیاسی خاتون ہیں، ان کی تینوں بہنوں کا صرف قصور یہ ہے کہ وہ اپنے بھائی کی رہائی کی مہم چلانے کے لیے نکلتی تھیں۔ کیا اچھا ہوتا کہ انہیں کسی guest house میں رکھا جاتا۔ پچھلے تین دنوں سے نورین نیازی کی طبیعت اتنی خراب تھی، ان کا blood pressure shoot ہو گیا تھا، کل رات انہیں heart attack ہوا ہے، کل رات سے اب تک ان کی بیٹی ہاجرہ بی بی مسلسل ICU ward کے سامنے کھڑی ہے لیکن اسے اپنی ماں کے ساتھ ملنے نہیں دیا جا رہا۔ میرے خیال میں مارشل لاء کے دور میں بھی اتنا ظلم نہیں ہوا ہے جتنا ظلم ابھی ہو رہا ہے۔ مریم نواز ایک خاتون ہیں، میں اس ایوان کی وساطت سے انہیں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ خدارا ایسے مظالم سے باز آجائیں، ہم تو سہہ رہے ہیں اور سہہ بھی لیں گے، ہم برداشت کر رہے ہیں۔ ہمارے ایک ایم این اے اقبال آفریدی جن کا تعلق خیبر سے ہے، رات کے چار بجے ان کے گھر میں تین سو پولیس اہلکار گھسے اور ان کی خواتین کو اٹھایا گیا ہے۔ آپ کو اس بات کا پتا ہے کہ پٹھانوں کے جرگوں میں، جب ان کے گھروں میں مرد جاتے ہیں تو ان کو قتل کیا جاتا ہے۔ ہمارے ساتھ یہ ظلم ہو رہا ہے، ہماری خواتین کو نہیں بخشا جا رہا ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ سے درخواست کرتی ہوں، رانا ثناء اللہ صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، یہ بھی ایک عزت دار گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں، انہوں نے بھی مصیبتیں جھیلیں ہیں، خدارا! خان صاحب تو جیل میں ہیں، وہ تو مرد کے بچے ہیں، وہ برداشت کر لے گا، ان کی تین بہنوں کو فی الفور رہا کیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، مولانا عطاء الرحمان صاحب۔

Point raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding statement made by Minister for Interior in the Senate

سینیٹر عطاء الرحمٰن: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

ہم ہیں کہ خاموش کہ برہم نہ ہو عالم کا نظام

وہ سمجھتے ہیں ان میں طاقت فریاد نہیں

جناب والا! گزارش ہے کہ ابھی کامران صاحب بات کر رہے تھے تو آپ نے کہا کہ اس کے متعلق بات نہ کی جائے جو ایوان میں موجود نہ ہو، کیا جب محسن نقوی صاحب گفتگو فرما رہے تھے تو ہمارے مولانا صاحب ایوان میں موجود تھے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں نے گزارش یہ کی کہ جب ایک سینیٹر، وزیر بول رہا تھا، اس وقت بھی ہمارے دوست کامران مرتضٰی صاحب نے بات کی اور ان کے سامنے جو بات کرنی تھی، میں سمجھتا ہوں کہ باقاعدہ ان کی تسلی تشفی سے ہوئی تو میں نے اس حوالے سے کہا۔ مولانا صاحب ماشاء اللہ قومی اسمبلی میں ہیں، وہاں سب دوستوں کے سامنے بات کی ہے، آپ بالکل کہہ رہے ہیں، میں اس کی تصحیح کے لیے فرما رہا ہوں۔ جی مولانا صاحب۔

سینیٹر عطاء الرحمٰن: جناب چیئرمین! دوسری گزارش یہ ہے کہ محسن نقوی صاحب نے باقاعدہ جمیعت علمائے اسلام کا نام نہیں لیا اور یہ کہا کہ میں جمیعت علمائے اسلام کے رویے سے اور اس کی گفتگو سے ناراض ہوں۔ میں محسن نقوی صاحب کے متعلق کچھ نہیں کہوں گا اس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ [***][4]۔ نہ وہ اتنا بڑا شخص ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک ایسا شخص جو سینیٹر ہے، مولانا صاحب! اگر ایسے الفاظ نہ ہوں، میں اسے expunge کرتا ہوں۔

سینیٹر عطاء الرحمٰن: جناب والا! میں نے یہ محاورتاً ذکر کیا ہے، یہ محاورہ عام استعمال ہوتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی مولانا صاحب! میری اردو کمزور ہے، اس کو expunge کر دیا ہے۔

سینیٹر عطاء الرحمٰن: جی آپ کی مرضی۔ ہمیں کہا جاتا ہے کہ ریاست کو ماں کا درجہ دیا جاتا ہے اور ماں سانجھی ہوتی ہے اور اس کے متعلق کسی کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ کچھ کہے۔ اگر ماں ریاست ہے اور ماں ہی ایک بیٹے کے ساتھ ایسا رویہ رکھے، اس وقت ہمارے بارہ اضلاع

[4] *[Words expunged as ordered by the Chair]*

emergency میں ہیں اور ہم پر یہ قدغنیں لگائی جارہی ہیں۔ ایک طرف ماں خاموش ہے اور دوسری طرف ایک بیٹے کے ساتھ وہ الجھ پڑتی ہے تو کیا وہ بیٹا اپنی ماں سے گلہ بھی نہیں کر سکتا، اگر گلے کہ حد تک بات ہے تو ہم ضرور گلہ کریں گے۔ ریاست کا کوئی باپ نہیں ہوتا لیکن چند جنرلوں نے اپنے آپ کو ریاست کا باپ سمجھ لیا ہے۔ ان جنرلوں کی وجہ سے آج یہ تماشا بنا ہوا کہ لوگ اپنی ماں کی طرف انگلیاں اٹھانے لگ گئے ہیں۔ لہٰذا اس طرح کی گفتگو یہاں نہ کی جائے۔ (جاری۔۔۔۔T/20)

T20-29Oct2026 FAZAL/ED: Mariam 06:40 pm

سینیٹر عطاء الرحمٰن: (جاری ہے۔۔۔) لہٰذا اس طرح کی گفتگو یہاں نہ کی جائے کہ مولانا صاحب نے یہ کہہ دیا، مولانا صاحب نے وہ کہہ دیا، اگر ایک ماں ایک بیٹے کے ساتھ زیادتی کرتی ہے اور آپ کہتے ہیں کہ وہ ماں ہے۔ وہ بیٹا اپنے گھر میں روئے گا بھی نہیں، آنسو بھی نہیں بہائے گا اور اگر وہ روئے گا تو یہ ماں کی توہین ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے ماں کی توہین نہیں کی ہے لیکن اس ریاست کے جو جرنیل باپ بنے ہوئے ہیں ہم ان کی توہین کرنا چاہتے ہیں۔ ان کو کس نے حق دیا ہے کہ وہ ہمارے صوبے میں آ کر اس طرح کی غیر جمہوری اور غیر آئینی کارروائیاں کریں۔ اپنے لیے جواز ڈھونڈتے ہیں اور پھر ہمیں کہتے ہیں کہ آپ کو حق نہیں ہے کہ آپ اپنی ماں کے متعلق اس طرح کی بات کریں۔ ہمارے ساتھ اگر زیادتی ہو گی تو ہم برملا کہتے ہیں کہ ہم ان کے لیے رکاوٹ بنیں گے۔ جو بھی ہو گا ہم اس کے لیے رکاوٹ بنیں گے اور پھر انہوں نے ہمارے ساتھ جو کرنا ہے، کر لینا۔ ہم نے کب منع کیا ہے۔ اگر آپ گرفتار کر سکتے ہیں مولانا کو گرفتار کر لیں۔ اگر آپ گرفتار کر سکتے ہیں ہمیں گرفتار کر لیں۔ ریاست کو حق حاصل ہے لیکن اس طرح کا حق حاصل نہیں ہے کہ وہ ایک بیٹے کے ساتھ اس طرح کا رویہ کرے اور دوسرے بیٹے کو نوازنے کی بات کرے اسی وجہ سے تو یہ ملک ٹوٹا ہے اور آگے توڑنے کے لیے جارہے ہیں۔ انہی جرنیلوں کی وجہ سے پہلے بھی ملک ٹوٹا ہے آج بھی ہم اسی طرف جارہے ہیں۔ آخر کیوں؟ اگر اس کے باوجود آپ کہتے ہیں کہ نہیں، نہ یہاں بات کریں گے، نہ باہر بات کریں گے اور نہ پارلیمنٹ میں بات ہو گی تو حضرت ہم ضرور روئیں گے۔ ہمارا آنسو پونچھنے والا کوئی ہو یا نہ ہو لیکن ہم روئیں گے، ہم چلائیں گے اور ہم کہیں گے کہ اس ملک اور اس قوم کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ میرے لیے تمام لیڈران معزز ہیں۔ وہ جس پارٹی سے بھی تعلق رکھتے ہیں لیکن اس طرح ریاست کے ایک بچے کے ساتھ وہ اتنا ظلم کرے اور دوسرے بچے کو نوازنے کی بات کرے، یہ ہم سے برداشت نہیں۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ مولانا صاحب۔ سینیٹر مشال اعظم صاحبہ تشریف نہیں رکھتیں۔ سینیٹر روبینہ ناز صاحبہ بھی تشریف نہیں رکھتیں۔ اس کے بعد میڈیم قائم خانی صاحبہ۔

Point of Order moved by Senator Rubina Qaim Khani regarding non-absence of the Rules by the Members during Question Hour

سینیٹر روبینہ قائم خانی: جناب چیئرمین! میں کہنا چاہوں گی کہ آپ اس ہاؤس کی custodian ہیں۔ ایک ہی ممبر کو بار بار repetition حتیٰ کہ during Question Hour, سوالات میں مداخلت کرنے کی اجازت نہ دیں۔ جس طرح ممبران بہت محنت کرکے اپنے Questions تیار کرتے ہیں۔ اس دوران بار بار مداخلت کرنا مناسب نہیں ہے۔ یہ ایوان کے decorum بالخصوص Senate of Pakistan کے وقار کے شایانِ شان نہیں ہے۔ لہٰذا میری آپ سے گزارش ہے کہ Question Hour کے دوران صرف اور صرف متعلقہ Questions پر بات ہونی چاہیے اور ممبران کو اپنے سوالات اٹھانے کا موقع دیا جانا چاہیے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جس طرح میرے بہت سے ساتھی سینیٹرز نے طویل تقاریر کیں اور خیبر پختونخوا میں Emergency کے حوالے سے بات کی، نیز پاکستان پیپلز پارٹی کے گورنر صاحب پر تنقید کی۔ تو میں یہ کہنا چاہوں گی کہ یہ خود ان کی بلائی ہوئی مصیبت تھی۔ جس طرح انہوں نے طالبان کا ساتھ دیا اور پورے ملک میں دہشت گردی کی فضا قائم کی، اسی مجبوری کے تحت Emergency نافذ کی گئی۔ یہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی ہے جس نے جمہوریت کو track پر رکھا ہے۔ اگر آج بات چیت کے دروازے کھلے ہوئے ہیں تو اس کی وجہ بھی پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت ہے۔ لہٰذا میں سمجھتی ہوں کہ انہوں نے اپنی تقریر میں جو الفاظ استعمال کیے ہیں، انہیں حذف کیا جائے۔ آئندہ اس طرح کی تقاریر صرف سستی شہرت حاصل کرنے کے لیے نہیں بلکہ حقائق پر مبنی ہونی چاہئیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم! بہت شکریہ۔ سب سے پہلے میں آپ کو واضح کردوں کہ supplementary question تمام ممبران کا حق ہے اور ہر سوال پر تین supplementary questions ہو سکتے ہیں۔ میں اسی طریقہ کار کے مطابق چلتا ہوں جو یہاں click ہوتا ہے۔ اگر آپ بھی تین مرتبہ ایسا کریں، یعنی ہر سوال پر supplementary کے لیے click دیں تو Chair اس طریقہ کار کے مطابق چلنے کی پابند ہے۔ بہرحال آپ کی رہنمائی کا بہت شکریہ۔ لیکن اس معاملے میں میری طرف سے کوئی پابندی نہیں ہے۔ اگر تمام دوست اجازت دیں تو میں عرض کروں گا۔ بٹ صاحب! آپ کو time مل جائے گا۔

محسن عزیز صاحب! آپ نے چونکہ کہا تھا اس لیے آپ کا Calling Attention Notice کل کے لیے رکھا گیا ہے۔ وزیر صاحب! تشریف رکھیں۔ ممبران بیٹھے ہوئے ہیں۔ مجھے پتہ ہے کہ آپ نے TV show پر جانا ہوگا۔ اچھا اس کے بعد Order No. 43 Calling Attention Notice ہے۔ وقار مہدی صاحب! آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟

(مداخلت)

جناب عقیل ملک: بہت بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین! کیونکہ مجھے بتایا گیا تھا کہ کل پہلے ہی ایک Calling Attention Notice موجود ہے اور Rules کے مطابق ایک ہی سیشن میں شاید صرف دو Calling Attention Notices لیے جا سکتے ہیں۔ لہٰذا گھمرو صاحب اور وقار مہدی صاحب نے بہت وسعت القلبی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ان کا Notice کل لیا جائے گا جبکہ محسن عزیز صاحب کا Notice آج لیا جائے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں، وزیر صاحب! ایسا نہیں ہے کہ صرف آپ کے کہنے سے ایسا ہو جائے گا۔ محسن عزیز صاحب کے بارے میں میرے ذہن میں یہ بات تھی کہ انہوں نے کہا تھا کہ اسے کل کے لیے رکھا جائے۔ وقار مہدی صاحب بھی کل کے لیے راضی ہو گئے ہیں۔ لہٰذا دونوں کو Rules کے مطابق Secretariat ترتیب دے کر طے کرے گا۔ اب جناب جان محمد بلیدی صاحب! جی فرمائیے۔ آپ سب کو وقت ملے گا۔

Point of Public Importance raised by Senator Jan Muhammad regarding i) The performance of FWO. ii) Law and Order Situation in Balochistan. iii) Delaying the appointment of VC in Quaid-e-Azam University, Islamabad

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ میری گزارش ہے کہ گزشتہ چند دنوں میں دو چار معاملات سامنے آئے ہیں، میں مختصراً عرض کرنا چاہتا ہوں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان نے اسمبلی میں بلوچستان کے عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے، میری نظر میں پہلی مرتبہ بلوچستان کے عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے FWO کی کارکردگی پر سوال اٹھایا۔ تو تعجب ہے اس کے خلاف اتنی بڑی media campaign شروع کر دی گئی ہے۔ کبھی کبھی مجھے محسوس ہوتا ہے کہ اس کی reverse counting شروع ہو گئی ہے۔ یہ بات ہر ایک کے ذہن میں ہے کہ FWO کی کارکردگی

سے پورا ملک واقف ہے۔ پاکستان میں جس طرح یہ کام حاصل کرتا ہے اور جس طرح ان کاموں کو sublet کرتا ہے، بلوچستان میں بھی زیادہ تر ٹھیکے FWO کے پاس ہیں، لیکن یہ کہیں بھی اپنا کام خود نہیں کر رہا۔ ہمارے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صرف یہ مسئلہ اٹھایا، لیکن ان کے خلاف ایک بہت بڑی مہم شروع کر دی گئی۔ میرا خیال ہے کہ بلوچستان کو دیکھیں، بلوچستان جس طرح مشکلات کا شکار ہے، جس طرح اسے نظرانداز کیا جا رہا ہے، اس کے باوجود ملک میں جو بھی بحران موجود ہیں، ہمیں ان بحرانوں پر قابو پانے کی کوشش کرنی چاہیے تھی، لیکن ہم نے ان بحرانوں میں مزید اضافہ کیا ہے۔ KPK میں Governor's Rule and Emergency میرا خیال ہے کہ یہ صورتحال کو مزید خراب کرنے کے مترادف ہے۔

پاکستان کا جو political ماحول ہے۔ ملکی معیشت تو پہلے ہی تباہ ہو چکی ہے۔ عوام پہلے ہی دو وقت کی روٹی کے لیے ترس رہے ہیں۔ مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے۔ ہم باہر سے جو بھی Finance Ministers لا کر ملک پر مسلط کرتے رہے ہیں، انہوں نے ہماری معیشت کو مزید بہتر کرنے کے بجائے اس ملک کو مزید ڈبو دیا ہے۔ اس ملک میں ہمیں کہیں بھی بہتری کی امید نظر نہیں آتی۔ مہنگائی روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔ ہماری یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم ان بگڑے ہوئے حالات کو ٹھیک کریں۔ ہم نے KPK میں ایک نیا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ بلوچستان تو پہلے سے جل رہا تھا۔ بلوچستان میں ججز اغوا ہو رہے ہیں۔ کمشنرز اغوا ہو رہے ہیں۔ قبائلی سربراہ بھی اغوا ہو رہے ہیں۔ خان آف قلات کا بیٹا بھی اغوا ہو گیا۔ جناب چیئرمین! تو یہ حد ہے۔ ہمیں سوچنا چاہیے۔ (جاری ہے۔۔۔۔۔ T21)

T21-29Oct2026 Abdul Razique/Ed: Mubashir 07:00 p.m.

سینیٹر جان محمد بلیدی: (۔۔۔۔ جاری) خان آف قلات کا بیٹا بھی اغوا ہو گیا تو یہ حد ہے۔ ہمیں سوچنا چاہیے کہ جو ہماری حکمت عملی ہے، ریاست کی جو حکمت عملی ہے اور حکومت کی جو حکمت عملی ہے، وہ ٹھیک نہیں ہے۔ ہاں ایک کام اس وقت انہوں نے اچھا کیا کہ ہم نے اس پر شور مچایا تھا کہ روزگار کے ذرائع بند کیے گئے تھے تو بلوچستان میں انہوں نے بارڈرز کھولے ہیں اور یہ ایک اچھا اقدام ہے اور اسے ہم appreciate کرتے ہیں۔ ہم یہ بھی کہتے ہیں کہ بارڈر جو کھولا گیا ہے، جو غلط کاری ہو رہی تھی، جو ٹوکن مافیا تھا، جو لوگوں کے کاروبار پر جس کا قبضہ تھا، اسے بھی ختم ہونا چاہیے۔ وہاں کا کاروبار وہاں کے مقامی لوگوں کے لیے ہونا چاہیے۔ ایک اور ایشو ہے جس پر میں پہلے بھی بول چکا ہوں جو قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کا مسئلہ ہے۔ قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کی اس وقت سب سے نمبر ون یونیورسٹی ہے اور تعجب کی بات یہ ہے کہ نو مہینے سے اس نمبر ون یونیورسٹی کا کوئی وائس چانسلر نہیں ہے۔ وہاں پر ad hoc پر ایک وائس چانسلر بٹھایا گیا ہے۔ ہر دو اور تین

مہینے مہینے بعد اس کی extension ہوتی ہے۔ اس کی کارکردگی کا عالم یہ ہے کہ اس کے خلاف Privilege Motion بھی آئے ہیں۔ چونکہ وی سی چھٹی پر گیا تھا، 15 دن کے اندر وی سی کی غیر موجودگی میں 74 طلباء پر ایف آئی آر درج ہوئے۔ ہماری کمیٹیوں نے مل کر وہ مسئلہ حل کر دیا۔ اب صورتحال یہ ہے کہ جس چانسلر کو ad hoc پر بٹھایا گیا ہے، طلبہ کی جو اپیل کمیٹی ہے اور ظاہر ہے کہ طلباء پر روزانہ کیسز ہوتے ہیں، ان پر کوئی نہ کوئی چارج ہوتا ہے تو وہ appealing authority انہوں نے ختم کردی ہے۔ وہ جو اپیل سنتے تھے، وہ ختم کر دیے گئے اور syndicate کے میٹنگ نہیں ہوتے۔ بچوں کے امتحان جو ہر چھ مہینے بعد ہوتے ہیں، وہ pending میں چلتے جا رہے ہیں۔ اس پر ریاست اور حکومت کو کوئی اقدام اٹھانا چاہیے اور وہاں جو ایک صورتحال ہے یونیورسٹی کی، اس کو بھی بہتر کرنے کی کوشش کی جائے، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر سید مسرور احسن۔

Points of Public Importance raised by Senator Syed Masroor Ahsan regarding: i) decision of the Higher Education Commission of Pakistan on putting moratorium on computer science admissions in 44 universities of Pakistan; ii) problems being faced by cotton ginners of Pakistan

سینیٹر سید مسرور احسن: آپ کا شکریہ۔ میں کوئی اتنی لمبی چوڑی بات نہیں کروں گا۔ میں تو صرف چیئرمین ہائر ایجوکیشن پاکستان کی جانب سے 44 یونیورسٹیوں پر۔۔۔۔ بٹ صاحب تھوڑا سن لیجیے۔ یہ ایک مسئلہ ہے اور میں کوئی سیاسی بات نہیں کر رہا۔ جو 188 یونیورسٹیاں ہیں، ان میں سے 44 یونیورسٹیوں میں عارضی طور پر پابندی عائد کردی گئی ہے کہ کمپیوٹر سیکشن میں کوئی داخلہ نہیں ہوگا۔ اب 44 میں سے نو سندھ میں، نو پنجاب، سولہ کے پی اور چار بلوچستان سے ہیں۔ اسی طرح دو اسلام آباد و رتین آزاد جموں و کشمیر سے ہیں اور ایک گلگت بلتستان سے ہے۔ اچھا ان کا طریقہ کار کیا تھا کہ انہوں نے کوئی بتایا نہیں کہ یہ ٹیسٹ اس لیے ہو رہا ہے تاکہ بعد میں آپ کے اوپر پابندی لگائے دی جائے گی۔ یونیورسٹی سے کمپیوٹر ٹیسٹنگ کے لیے جو 7^{th} or 8^{th} Semester میں جسے National Skills Competency Test کہتے ہیں، انہوں نے پہلے کچھ نہیں بتایا اور کہا کہ بھئی ان کو ٹیسٹ لینا ہے۔ جب ٹیسٹ لیا تو اس میں سے کئی پاس اور کئی فیل ہوئے اور 188 یونیورسٹیوں میں سے صرف 44 یونیورسٹیوں کو جو بہت ہی پسماندہ علاقوں میں ہیں جیسے کہ لیاری، لاڑکانہ، ٹنڈو اللہ یار و رلورالائی، کے پی میں جہاں آپریشن بھی چل رہا ہے، اگر پسماندہ علاقوں میں تعلیم اور کمپیوٹر کے داخلے بند کردیے جائیں گے تو لوگ جو پہلے ہی تعلیم سے محروم ہیں، کس

طرح آگے تعلیم حاصل کریں گے۔ میری آپ کے توسط سے گزارش یہ ہے کہ ذرا اس طرف توجہ دی جائے کہ یہ عارضی داخلے پر جو پابندی لگی ہے کیونکہ تعلیمی ادارے ان کی فیس سے چلتے ہیں اور وہ بچے بہت کم فیسوں والی یونیورسٹیوں میں ہیں اور کوئی بڑی اعلیٰ درجے کی یونیورسٹی نہیں ہیں تو ان میں عارضی طور پر داخلے پر جو پابندی عائد کی گئی ہے، اسے ختم کی جائے تاکہ وہاں ان کی تعلیم کا سلسلہ جاری رہے۔

جناب، دوسری بات یہ کہ سندھ اور پنجاب میں cotton ginners پریشان ہیں۔ سندھ میں تو حالات یہ ہیں کہ مختلف علاقوں میں اور ویسے ہی cotton ginners کی انڈسٹری میں تالے لگے ہوئے ہیں لیکن ایف بی آر والے بغیر کسی نوٹس کے، ان تالوں کو توڑ کر وہاں سے سارا کاغذات اٹھا کر لے جا رہے ہیں اور harassment پیدا کیا ہوا ہے۔ ویسے ہی ملک میں ساری جگہ 18 سے 22 فیصد تک crushing sales tax لگا ہوا ہے۔ اس کے باوجود اب وہ کس طرح اپنا سارا کاروبار کریں گے۔ میں نے اخباروں میں پڑھا کہ cotton ginners تو ہڑتال کی دھمکی دے رہے ہیں چاہے ملتان کے ہوں، بہاولپور کے ہوں، ٹنڈو الہ یار کے ہوں یا شہزادپور کے ہوں تو میری گزارش ہے کہ اس طرف بھی توجہ دی جائے۔ ہمارا ملک ایک زراعتی ملک ہے اور بہتر طریقے سے ginners کو سنا جائے اور اس کو حل کرنے کی کوشش کی جائے، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر عبدالشکور خان۔

Point of Public Importance raised by Senator Abdul Shakoor Khan on political intolerance and constitutional roles of the institutions of Pakistan

سینیٹر عبدالشکور خان: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمدللہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی خاتم المرسلین سیدنا محمد و علی آلہ وصحبہ اجمعین۔ جناب، دو تین دن سے جن موضوعات پر بات کرنا چاہتا تھا، وہ میرے خیال سے پیچھے رہ گئے اور اب نئی چیزیں دیکھنے کو مل رہی ہیں۔ میں گزارش کرتا ہوں غداری کا جو سرٹیفکیٹ ہے، اسے بانٹنا بند کریں۔ اس سے پاکستان کا بھلا نہیں ہوا۔ پچھلے 70 سالوں سے اور میرے خیال میں پاکستان کو جس طرح آگے بڑھنا چاہیے، جس طرح اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو وسائل دیے ہیں، جس طرح کی زمین دی ہے، جس طرح لوگ دیے ہیں، جس طرح نوجوان طبقہ دیا ہے، میرے خیال سے ہم اس طرح سے آگے نہیں بڑھے ہیں۔ بجائے اس کے کہ سوچا جائے کہ کیوں آگے نہیں بڑھے اور 70 سال سے غداری کے سرٹیفکیٹ بیچے جا رہے ہیں اور لوگوں پر غداری کے سرٹیفکیٹ کے نشان لگائے جا رہے ہیں۔ مولانا صاحب کے بیانات جو پنجاب کے دو شہروں اور حالیہ اسلام آباد میں تھے کہ ریاست کو ماں کا درجہ حاصل ہے۔ بالکل ریاست کو ماں کا

درجہ حاصل ہے۔ سب سے پہلے میں اپنے بارے اور اپنی پارٹی کے حوالے سے کچھ چیزیں clear کرنا کرنا چاہتا ہوں کہ ہم پاکستانی ہیں، پاکستان سے محبت کرنے والے ہیں، جیسے عام طور پر اپنے ملک سے محبت ہی کی جاتی ہے، جب اس ملک میں پیدا ہوئے ہیں تو اسی ملک سے محبت ہی کریں گے۔ اگر ہم ایماندار ہیں، اگر ہم میں ایمان ہے تو یہ ایمان کا حصہ ہے۔ ہم پاکستان سے محبت کرتے ہیں اور اس کی فوج سے محبت کرتے ہیں لیکن مسئلہ یہ نہیں ہے، میرے دوست یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، مسئلہ پاکستان کا نہیں ہے، مسئلہ پاکستان کی فوج کا بھی نہیں ہے، ہم سب اس ملک سے بلکہ اپنے ملک سے کیونکہ اس ملک کے لفظ کو میں غلط سمجھتا ہوں، اپنے ملک سے محبت کرتے ہیں اور اپنی فوج سے محبت کرتے ہیں اور جیسے محبت کرنے کا حق ہے لیکن یہاں پر غداری کے سرٹیفکیٹ بیچے جا رہے ہیں۔ Recently یہ بولا اور کہا جا رہا ہے کہ ریاست ماں ہے۔ میں آئین پاکستان کی بات کرتا ہوں۔ ظاہر سی بات ہے کہ ہم یہاں بیٹھ کر آئین پاکستان کو سمجھتے ہیں اور مانتے ہیں۔ آئین پاکستان کی عزت کرتے ہیں اور اس کی تکریم کرتے ہیں۔ میں آپ سے آئین کے حوالے سے ایک سوال پوچھتا ہوں کہ ایک ماں اپنے ایک اولاد کو کھانا دیتی ہے اور دوسرے اولاد کو نہیں دیتی، ایک کو گھر کے اندر پلنگ پر رکھتی ہے اور دوسرے کو گھر کے باہر رکھتی ہے، اس بارے میں آئین پاکستان کیا کہتا ہے کہ یہ پھر بھی ماں ہے۔ بالکل یہ ماں نہیں ہے۔ یہ ماں جیل میں جائے گی۔ اگر یہ رویہ اپنی اولاد کے ساتھ رکھتی ہے اور یہ دوسری بات ہے کہ یہ رویہ ہے یا نہیں ہے وہ تو الگ بات ہے تو میں سوال پوچھ رہا ہوں اگر ماں یہ رویہ رکھتی ہے کہ ایک اولاد کو گھر میں رکھتی ہے اور دوسرے کو باہر رکھتی ہے، ایک کو کھانا دیتی ہے، دوسرے کو کھانا نہیں دیتی تو کیا آئین پاکستان کے مطابق یہ ماں جیل میں نہیں جائے گی۔ میرے خیال میں بالکل یہ ماں جیل میں جائے گی۔ ہم اپنے حقوق کی بات کرتے ہیں۔ (جاری T22)

T22-29Oct2026 Taj/Ed. 07:00 pm

سینیٹر عبدالشکور خان: (جاری) ہم اپنے حقوق کی بات کرتے ہیں۔ ہم اسی ملک کے ہیں، ہم اسی ملک میں پیدا ہوئے ہیں۔ مسئلے کو سب سمجھتے ہیں، مسئلہ فوج کا ہے، فوج کے حدود کا ہے۔ اگر فوج حدود میں رہے، وہ حدود جو آئین نے متعین کیے ہیں۔ یہ ہم سب کو پتا ہے۔ اگر یہاں پر نہ پوچھوں، اندرونی خانہ کسی سے بھی پوچھوں کہ فوج اپنے حدود میں رہتی ہے، فوج بالکل اپنے حدود میں نہیں رہتی۔ فوج کو اپنے حدود میں رہنا چاہیے۔ سارا مسئلہ یہ ہے۔

جناب چیئرمین! بلوچستان کے حوالے سے بات کروں گا۔ میرا ایجنڈا ہے جو تین پہلے سے سوچا ہوا تھا۔ 2006 میں جنرل مشرف نے بلوچستان میں آگ لگائی۔ 2006 میں جنرل مشرف نے نواب بگٹی کو شہید کرکے آگ لگائی۔ نواب بگٹی بالکل anti-State نہیں تھا لیکن

ظاہر بات ہے کہ جب آپ مجھے تھپڑ مار مار کر کوئی میرا دلاسہ نہ دے تو پھر میں دوسری طرف چلا جاؤں گا۔ یہ ایک انسانی فطرت ہے، یہ کوئی غلط بات نہیں ہے۔ 2006 میں جنرل مشرف نے بلوچستان میں آگ لگائی۔ ابھی بیس سال ہو رہے ہیں، آج تک اس آگ پر مسلسل تیل ڈالا جا رہا ہے۔ حال ہی میں جو دل ڈالا گیا، عوامی نیشنل پارٹی کے صدر اصغر خان اچکزئی، میں ایک آدمی کی بات نہیں کر رہا ہوں، اصغر خان اچکزئی عوامی نیشنل پارٹی کے صدر ہیں، وہ میری پارٹی نہیں ہے، لیکن میں اس سنگینی کو سمجھتا ہوں کہ حالات کتنے سنگین ہو رہے ہیں، لوگوں کے دماغ بتا رہے ہیں۔ میرا تعلق عوامی نیشنل پارٹی سے نہیں، جمیعت علمائے اسلام سے ہے۔ اصغر خان اچکزئی کو گرفتار کیا گیا۔ اس کیس میں جو ایک قتل ہوا تھا، اس کے والد نے سوشل میڈیا پر اور عدالت میں آ کر یہ بیان دیا کہ اگر اصغر خان کا میرے بیٹے کے قتل کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس اصغر خان کو آج جیل میں ڈالا گیا ہے۔ وہ اصغر خان جس کے والد کو شہید کیا گیا۔ اس کا بھائی دھماکے میں شہید ہوا۔ اس کا چچازاد بھائی اغوا ہوا۔ تو یہ سارے مظالم ہیں۔

جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ ریاست یہ مظالم نہ کرے۔ ریاست اس پر غور کرے۔ چونکہ وقت کم ہے، آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ ایک آخری گزارش ہے۔ بلوچستان کا پانی ختم ہو رہا ہے۔ زیرِ زمین پانی ختم ہو رہا ہے۔ میرا تعلق گلستان سے ہے۔ میرے گاؤں کا نام گلستان کاریز ہے۔ جب نام گلستان کاریز ہے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ کاریز پر ہی بنا ہے۔ بیس سال پہلے وہ کاریز سوکھ گئی۔ ہم نے اپنے گھر میں ٹیوب ویل بنائے، وہ بھی دس سال پہلے سوکھ گئے۔ چھ کلومیٹر دور سے ہمارے باغات کے لیے پانی آ رہا تھا، وہ پانی بھی سوکھ گیا۔ یہ بہت بڑا مسئلہ ہے اور وفاقی حکومت اس کو حل کر سکتی ہے۔ جنابِ چیئرمین! یہ معاملہ پانی کے حوالے سے ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اگر اس معاملے کو کمیٹی میں بھیج دیں تاکہ میری تھوڑی بہت دلاسائی ہو اور صرف تقریر کی حد تک بات نہ رہے۔ شکریہ۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ آپ کوئی proper tool استعمال کرلیں۔ اس کے لیے میں آپ سے یہ کہتا ہوں کہ جام سیف اللہ داریجو صاحب قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل کے چیئرمین ہیں، ان کو ہم کہتے ہیں کہ آئندہ جب آپ میٹنگ بلائیں تو وہ آپ کو وہاں پر بلالیں گے۔ ان سے بات کر لیتے ہیں۔ پہلے بھی چونکہ میں چیئرمین رہا ہوں۔ ہم نے اس issue کو کئی مرتبہ discuss کیا ہے۔ بلوچستان کا Secretary, Irrigation آتا رہا ہے۔ وہاں کے لوگ آتے رہے ہیں۔ اس لیے بعد میں بھی ملیں گے لیکن میں جام صاحب سے بات

کروں گا۔ آپ کی جائز بات ہے کیونکہ پانی واقعی بہت نیچے چلا گیا ہے اور یہ بالکل ایسا issue ہے جس پر پہلے توجہ دی گئی ہے، مزید کریں گے۔ آپ کو بھی میں نے گزارش کی کہ جام صاحب سے کہیں گے، وہ آپ کو کمیٹی میں بلالیں گے۔ جناب سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

Point of public importance raised by Senator Saifullah Abro regarding the bidding process in Danish School System by the Ministry of Education

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: شکریہ، جناب چیئرمین! اصل میں، میں تو کوشش کر رہا تھا، ایوان میں سب دوست بیٹھے تھے کیونکہ ملک میں جو issues ہیں، تمام دوستوں نے بات کی ہے، سیاسی باتیں اپنی جگہ لیکن جو issues ہیں، کم از کم سوسائٹی جو issues ہمیں پیش کر رہی ہے، ہمیں ان کو highlight کرنا چاہیے اور ہمیں حکومت کو بھی وہ تجاویز دینی چاہییں تاکہ وہ پہلے ہی ان پر action لیں اور تاکہ وہ regular days میں ہوں۔ میں اس ایوان میں توجہ دلانا چاہتا ہوں خاص طور پر حکومتی وزرا کی جو اس ایوان میں بیٹھے ہیں۔ آپ کو یاد ہوگا کہ آج کل پاکستان میں دانش اسکولز، جن کو Education Department دیکھ رہی ہے۔ یہ بھی سب کو پتا ہے کہ دانش اسکولز کی فنڈنگ آپ کو کہاں سے آئی ہے۔ وہ 190 million pounds جو سپریم کورٹ کے اکاؤنٹ میں پڑے تھے، وزیراعظم صاحب نے اعلان کیا کہ ان پیسوں سے ہم نے دانش اسکولز بنانے ہیں، ہم نے تعلیم پر خرچ کرنے ہیں۔ آپ یقین کریں، ٹھیک ہے وہ 190 million pounds کا ایک الگ issue ہے، اس میں عدالت کا issue ہے، عدالت میں جو بھی ہوا۔ آپ کو پتا ہے کہ خان صاحب کو اسی کیس میں شاید سزا بھی ہوئی۔ تو کم از کم وہ جو 190 million pounds ملے ہیں تو حکومت اور جو وزیراعظم کا vision ہے، کم از کم وہ پیسے صحیح utilize ہونے چاہییں۔ یہ حکومت کا کام ہے کہ وہ اس پر کم از کم اپنی check and balance اور transparency کو ensure کریں۔

میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ اس وقت جو دانش اسکولز بن رہے ہیں، ان کے tenders ہوئے ہیں۔ آپ اور ہم ایک ہی علاقے سے تعلق رکھتے ہیں، جیسر صاحب بھی بیٹھے ہیں، M-6 کے tenders ہیں، وہ 20% below پر گئے ہیں، 15%, 20% below, package-4, package-5, جب healthy competition ہوتی ہے تو fair tendering ہوتی ہے۔ Open bidding ہر کوئی اپنی اپنی bid دیتا ہے لیکن competition کی وجہ سے ملک کے پیسے بچتے ہیں۔ ابھی جب 60 ارب کا کام تھا، اس پر آپ 20% لگائیں تو نیشنل ہائی وے نے ان tendering پر ایک ایک package پر 120 billon بچایا ہے۔ صرف یہ تھا کہ اس میں open competition ہوئی ہے۔ یہاں پر کیا ہوا ہے، یہاں پر جو پروجیکٹ ڈائریکٹر لگایا گیا ہے، جو tender call کرتا ہے،

منسٹری میں کچھ لوگ بیٹھے ہوئے ہیں جو سیکرٹری کے under کام کرتے ہیں،ایک ٹیم ہے،اور سیکرٹری ندیم محبوب صاحب ہیں، وہ ٹیم ان کو dictate کرکے اپنے فیصلے ان پر مسلط کر رہی ہے۔ اگر آپ ان سارے tenders کی detail منگوائیں،تمام tenders estimate سے above ہیں اور انہوں نے ایک،دو کمپنیوں کو hire کیا ہوا ہے جن کو وہ دیتے ہیں، باقی تمام کمپنیوں کو disqualify کرتے ہیں۔ تو یہ نقصان ہوگا۔ کیا وزیراعظم صاحب چاہتے ہیں کہ ایک دھیلے کی کرپشن نہ ہو تو وہاں پر ایک سیکرٹری ندم محبوب،اس کی ٹیم، وہ billions کی کرپشن کیسے کر سکتے ہیں۔ ہمیں اس کو روکنا چاہیے تاکہ وزیراعظم صاحب کا جو plan یا vision ہے کہ ہم نے دانش اسکولز بنانے ہیں۔ اچھی بات ہے اور پورے پاکستان میں بن رہے ہیں، ایسے نہیں ہے کہ کسی ایک صوبے میں بن رہے ہیں۔ تو کم از کم ان funds کی صحیح utilization ہونی چاہیے۔

نمبر ۲، آپ دیکھیں کہ جو اس کا operational procedure ہے جس میں انہوں نے فرنیچر خریدنا ہے یا باقی جو accessories ہیں۔ جناب! آپ کو تعجب ہوگا کہ 1600 والا bag سیکرٹری صاحب اور ان کی ٹیم نے 4800 کا لیا ہے۔ اگر آپ 3200 ایک bag پر زیادہ لیں گے، پیسے تو دانش اسکولز کے ہیں۔ 190 million pounds جو آپ کو ملے ہیں،وہ تو ایسے نہ ہو کہ 190 billion pounds میں آپ نے ایک جگہ خان صاحب کو سزا دی ہے، ایسے نہ ہو کہ دوبارہ آپ کو education department کو اسی کٹہرے میں لانا چاہیں۔ یہ دانش اسکولز بنا رہے ہیں تو ان کو دانش مندی سے کام لینا چاہیے۔ یہ اتنی زیادتی ہو رہی ہے۔ وہ کسی کی نہیں سنتے۔ آپ دیکھیں کہ PPRA کے جو procurement rules ہیں یا چاروں صوبوں کے، کہیں بھی جو department کی ٹیم ہوتی ہے اس سے باہر کوئی بھی چیز نہیں جاتی، وہ department, Committee head ہوتی ہے۔ یہ کس نے سیکرٹری صاحب کو اجازت دی ہے کہ آپ جا کر چار، پانچ من پسند لوگوں کی کمیٹی بنائیں اور وزیراعظم صاحب کے vision کو بھی آپ side پر کر دیں۔ میرے خیال میں حال ہی میں وزیراعظم صاحب نے ایک سیکرٹری صاحب کا order بھی کیا تھا،شاید وہاں بھی آئے تھے، میں ان کا نام ابھی بھول رہا ہوں۔ حال ہی میں سیکرٹری تبدیل ہوئے ہیں لیکن شاید یہ اتنے powerful ہیں، ندیم محبوب، نام بھی اچھا ہے،اداکار ندیم بھی ان کا نام ہے، پھر محبوب ہے۔ تو اس کو تو کم از کم پاکستان کے عوام کے لیے محبوب ہونا پڑے گا۔ میں رانا ثناء اللہ صاحب کو اور حکومت کے جو بھی نمائندے یہاں پر بیٹھے ہیں، میں ان سے التجا کرتا ہوں کہ یہ جو پیسے آئے ہیں، یہ ایک ایسی جگہ سے آئے ہیں کہ اس پر ابھی عدالتوں میں بات چل رہی ہے،debate ہو رہی ہے، ایسے نہ ہو کہ یہ کیس چند افسروں کی وجہ سے کل حکومت کے لیے بدنامی کا سبب بنے۔

لہٰذا، ایسے افسروں کے خلاف action لینا چاہیے۔ ان Committees کا پتا کرنا چاہیے۔ آپ یقین کریں کہ پانچ، پانچ کمپنیوں کو اڑا دیتے ہیں، side پر کرتے ہیں کہ آپ disqualified ہو۔ ایک کمپنی بچتی ہے، اپنے tenders manage کرکے اس کو دے دیتے ہیں۔ اگر آپ ایک بھی ٹینڈر competition میں ملے تو میں یہاں پر بیٹھا ہوں، میں بالکل پورے ہاؤس کے سامنے اس کو discuss کروں گا۔ میری آپ سے التجا ہے کہ یہ معاملہ سینیٹ کی Education Committee کو بھیجیں اور اس کی detail منگوائیں کہ دانش اسکولز کے جتنے بھی ٹینڈرز ہوئے ہیں، وہ open competition میں ہوئے ہیں یا نہیں۔ نہیں ہوئے تو کیوں؟ Billions کا نقصان ہوا ہے تو کیوں؟ operational matters ہیں، آپ 1600 کا 4800 bag میں کیسے لے سکتے ہیں؟ کوئی بھی سیکرٹری نہیں لے سکتا، بے شک کتنا بھی طاقتور ہو، وہ اس کی authority نہیں ہے، یہ پیسے ہمارے پبلک کے ہیں، حکومت پاکستان کے ہیں۔ تو براہ مہربانی آپ یہ معاملہ Education Committee کو refer کریں۔ میں اس کمیٹی کا ممبر ہوں۔ ۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہاں، request کریں گے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ کو کمیٹی کو بھیج دیں۔ آپ اس کو recommend کردیں۔ (جاری۔۔۔T23)

T23-29Oct2026 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir 7:10 pm

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: (جاری) مہربانی فرما کر آپ اس matter کو Education کی کمیٹی کو refer کریں۔ میں اس کمیٹی کا ممبر نہیں ہوں۔ آپ اس کو کمیٹی کو بھیج دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میرے خیال میں شاید آپ نے اس کو اپنی کمیٹی میں بھی take up کیا تھا۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: نہیں یہ تو Education سے متعلق ہے۔ EAD کی کمیٹی foreign funding کو دیکھتی ہے۔ Foreign funding کی جو schemes ہوتی ہیں، EAD میں وہ ہوتی ہیں۔ اگر یہ اس میں آتی تو میں کب کا ان کو صحیح track پر لاتا اور ان سے tendering بھی کرواتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کی کمیٹی تو ماشاءاللہ، ہر چیز پر نظر رکھتی ہے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! ایک simple سی چیز ہے۔ میں اس ہاؤس میں ایک بات بتانا چاہتا ہوں، لوگ تو کافی مخالفت کرتے ہیں لیکن مخالفت برائے مخالفت اچھی نہیں ہوتی۔ PTI کو 'ن' لیگ سے سو شکایتیں ہوں گی، اسی طرح 'ن' لیگ کو PTI سے۔ میں آپ کو بتاتا ہوں،

آپ نے کمیٹی کا ذکر کیا۔ EAD وہ کمیٹی ہے جس کی پچھلے تین سال کے tenure میں دو meetings ہوئی تھیں۔ ہم نے الحمدللہ، 45 میٹنگز کی ہیں۔ آج بھی میٹنگ تھی۔ جو کمیٹیوں کی working ہے، چونکہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کا کام ہی oversight on the Ministry ہے، جب یہ صحیح کام کریں گی تو مجھے امید ہے کہ حکومت میں اچھے لوگ اس پر action لیں گے۔ میں آپ کو ایک قصہ بتاتا ہوں۔ NHA کی ایک اسکیم کا issue سامنے آیا۔ اس کی کرپشن expose ہوئی۔ اس سے پہلے نئے پاکستان کے پرائم منسٹر نے مراد سعید کی بیوروکریسی کو جو کرپشن میں involve تھی، علی زیدی کے جو بیوروکریٹ کرپشن میں involve تھے کسی پر ایکشن نہیں لیا، حماد اظہر کے نیچے وزارت میں جو کرپٹ بیوروکریٹ تھے، ان پر بھی نئے پاکستان کے PM نے ایکشن نہیں لیا لیکن یہاں first time in the history of Pakistan کسی بھی پرائم منسٹر نے یہ کام کیا۔ پرائم منسٹر شہباز شریف صاحب نے NHA کے 9 افسران suspend کیے جس میں تین NHA کے ممبرز تھے۔ سوائے NHA کے چیئرمین کے، ان کی پوری ٹیم کو اڑا دیا۔ یہ کب ہوا؟ جب اس کمیٹی نے highlight کیا کہ یہ بڑی irregularities ہوئی ہیں۔ لہٰذا، آپ اس معاملے کو Education کمیٹی میں بھیجیں۔ میرے خیال میں ہمارے آپ کے توسط سے یہ جو billions کی کرپشن ہو رہی ہے، ہم اس کو روک پائیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ جی رانا صاحب۔

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: جناب چیئرمین! ابڑو صاحب نے جو بات کی ہے، میں اس کا جواب دینا چاہوں گا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ سپریم کورٹ سے جو 190 ملین پاؤنڈز transfer ہوئے تھے، جہاں تک میری offhand information یا یادداشت ہے، وہ صرف دانش یونیورسٹی کے لیے استعمال ہو رہے ہیں جو ادھر اسلام آباد میں بن رہی ہے۔ دانش اسکول کا منصوبہ جب پنجاب میں شروع کیا گیا تھا تو اس کے لیے ایک endowment fund قائم کیا گیا تھا اور اس سے ان schools کا پورا نظام چل رہا ہے، پنجاب میں بھی اور اب یہاں وفاق میں بھی شروع کیا ہے۔ یہ دانش اسکول غریب کا اچھا سن ہے بلکہ اس سے بھی بہتر ہے۔ یتیم اور غریب بچوں کا یہ اچھا سن ہے اور وہاں سے بچے تعلیم حاصل کرکے اس وقت ڈاکٹر اور انجینیئر بن رہے ہیں اور پوری دنیا کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

ابڑو صاحب نے جو کرپشن کی بات کی ہے، اگر ان کے پاس کوئی verified information ہے، یہ مجھے دیں۔ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ اس پر ایکشن نہ ہو۔ یہ star initiative ہے اور پرائم منسٹر میاں شہباز شریف صاحب کے دل کے قریب ہے۔ وہاں پر اس قسم کی کوئی چیز برداشت نہیں کی جاسکتی۔ اگر ان کے پاس کوئی information ہے، یہ ہمارے ساتھ share کریں۔ اگر یہ کہیں گے تو کمیٹی میں بھی

refer کروادیں گے۔ سینیٹ کی معزز کمیٹی بھی اس معاملے کو دیکھے لیکن یہ information دیں، اگر کوئی ایسا معاملہ ہوا ہے تو وزیر اعظم خود اس کو دیکھیں گے۔

انہوں نے ندیم محبوب صاحب کے متعلق بات کی ہے۔ ویسے میں ان کو ذاتی طور پر بھی جانتا ہوں پچھلے کوئی پندرہ بیس سال سے۔ پہلے وہ پنجاب میں رہے، اب اِدھر ہیں، وہ تو بڑا neat and clean آدمی ہے۔ کبھی اس کے متعلق ایسی بات نہیں سنی لیکن بہر حال، آپ کے پاس کوئی information ہے تو ہمیں دیں۔ میں وزیر اعظم سے بھی وہ چیز discuss کروں گا اور اگر انکوائری یا investigation کی ضرورت ہوئی تو وہ بھی کریں گے۔ اگر آپ کمیٹی کا کہیں گے تو کمیٹی کو بھی refer کروادیا جائے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ ٹھیک ہے ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! میں پہلے تو رانا صاحب کو یہ بتاؤں کہ دانش اسکول صرف پنجاب میں نہیں بن رہے۔ دانش اسکول کراچی میں بھی بن رہے ہیں، سندھ میں بھی بن رہے ہیں، ابھی recently ٹنڈو محمد خان کا ٹینڈر ہوا ہے۔ میرے خیال میں صدیقی صاحب اس کے منسٹر ہیں اور یہ انہی فنڈز میں سے ہو رہا ہے۔ مجھے اس سے غرض نہیں کہ فنڈز کہاں سے آئے۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: انہوں نے غالباً tendering process کی نشاندہی کی ہے کہ وہاں پر کوئی کرپشن ہو رہی ہے تو وہ سارا معاملہ پرائم منسٹر ہاؤس میں دیکھا جاتا ہے۔ وزیر اعظم کی زیر نگرانی ایک کمیٹی ہر چیز کو پوری طرح monitor کر رہی ہے۔ ایسا ہو نہیں سکتا۔ یہ معاملہ اسٹینڈنگ کمیٹی کو جائے گا، کمیٹی اپنا اجلاس شروع کرے گی، پھر کسی کو بلائے گی تو اس پر بات ہو گی۔ یہ تو بالکل rapid action ہوگا، اگر آپ کے پاس کوئی ایسی information ہے جو آپ فرما رہے ہیں تو آپ صبح مجھے دے دیں۔ ہم اپنے طور پر بھی اس کو دیکھیں گے۔ ٹھیک ہے کمیٹی کا اختیار ہے، ہم کمیٹی کو روکیں گے نہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! سینیٹ کا اپنا کام ہے۔ ہر منسٹری کے متعلق سینیٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹیاں ہیں۔ ہر کمیٹی اپنا کام کرتی ہے۔ یہاں جو issue take up ہوتا ہے، وہ کمیٹی میں جاتا ہے۔ میں رانا صاحب کو بھی information دے دوں گا، کوئی issue نہیں ہے۔ آپ کمیٹی میں بھیجیں، کمیٹی تو دیکھیں، ایک ہی میٹنگ میں detail آجائے گی، محکمہ دے دے گا۔ کہیں بھی ڈھکی چھپی چیز نہیں رہتی۔ PPRA کے پاس سارا ریکارڈ ہے۔

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: جناب! معزز رکن کوئی question یا پھر کوئی motion لے آئیں، اس کا جواب پھر متعلقہ لوگوں اور محکمے سے بھی لے لیا جائے گا اور پھر یہ فیصلہ کر لیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وہی میں گزارش کر رہا ہوں۔ ابڑو صاحب! کل سیشن ہے، آپ اس حوالے سے کوئی motion یا calling attention ڈال دیں تو proper طریقے سے یہ کام ہو جائے گا۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: شہادت صاحب! آپ اس معاملے کو کمیٹی میں نہیں بھیجنا چاہتے تو نہ بھیجیں، آپ کی مرضی ہے۔ میرے خیال میں آپ اس کو نہیں بھیجنا چاہتے، اسی وجہ سے آپ ایسا کر رہے ہیں۔ یہاں اگر آپ کی پارٹی کا کوئی بندہ کہتا کہ میں صبح نکلا تھا، مجھے ناشتہ نہیں ملا، آپ کمیٹی کو بھیجیں تو آپ اسی وقت بھیج دیتے۔ دیکھیں! آپ ایسا نہ کریں۔ آپ کی مرضی ہے، آپ نہیں بھیجنا چاہتے تو نہ بھیجیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں ابڑو صاحب! گزارش یہ ہے کہ منسٹر صاحب نے آپ کی بات سنی۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ کمیٹی کو نہ بھیجیں۔ آپ اس کو کہہ دیں۔ میرے پاس جو ریکارڈ ہوگا، وہ دوں گا۔ آپ کو پتا ہے، یہ ہاؤس گواہ ہے، ساڑھے پانچ سال میں سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے جتنے scams highlight کیے، وہ کسی اور نے نہیں کیے اور وہ پارٹی سے بالاتر ہو کر کیے۔ ابھی کس نے مراد سعید کا نام لیا؟ میں نے۔ حماد اظہر کا نام کس نے لیا؟ میں نے۔ حکومت کے کسی بندے میں ہمت نہیں ہوگی کہ وہ اپنے منسٹرز کی irregularities کو highlight کرے۔ آج بھی آپ کی 765 KV transmission line نہیں بن رہی۔ آج صبح میں میٹنگ سے آیا ہوں۔ آپ کا MD, NGC کہہ رہا ہے کہ ابھی سروے complete نہیں ہوا۔ آپ کی اسکیم complete ہونی تھی 26 کو، میں نے take up کیا تھا۔ آپ کی مرضی ہے، 4600 میں نہ لیں، 10 ہزار میں لے لیں۔ ہمیں کیا ہے۔ تباہ کر دیں۔ ویسے بھی نقوی صاحب نے کہا ہے کہ ملک تباہ ہو گیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ناصر محمود بٹ صاحب۔

سینیٹر ناصر محمود: چیئرمین صاحب! آپ کی مہربانی ہے کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ میں سب سے پہلے شیری رحمان صاحبہ سے اس چیز کی معذرت کرتا ہوں کہ اس دن جو بات ہوئی تھی۔ شاید اس سے ان کی دل آزاری ہوئی۔ میں ان سے معذرت کرتا ہوں۔ دوسری بات، ابڑو صاحب نے 190 ملین کی بات کی تو بڑی اچھی بات ہے۔

(اس موقع پر کورم کی نشاندہی کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب! کورم point out ہو چکا ہے۔ گنتی کر لیں۔

(گنتی کی گئی)

Mr. Presiding Officer: The House is not in quorum. The proceedings of the House stand adjourned to meet again on Friday, the 30th October, 2026 at 10:30 am.

[The House was adjourned to meet on Friday, the 30th October, 2026 at 10:30 am]
